یہ کیا کہہ رہیں ہیں ... میں سچ میں کوئی بات نہیں کی..میرا فون تو باہر تھا ..کیسی ہے انا..میں ابھی آتی ہوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..کیا ہوا فاطمہ بیٹا

انا کا تو کوئی فون ہی نہیں آیا ..میری اُس سے کوئی بات ہی نہیں ہوئی ..فاطمہ بے ربط بول کر خود کو سُنا رہی تھی ..حلیمہ بیگم نے ..اُس کی حالت دیکھتے دوبارہ پوچھا

انا نے مارنے کی کوشش کی ہے اپنے آپ کو ..بھابھی کہہ رہیں ہیں مجھ سے بات کر کے اُس نے اپنی کلائی کاٹ لی لیکن میں تو ...آپ کے ساتھ تھی ..اسد کہیں تم نے تو

نہیں اس نے بکواس کی ہے اُس سے ..میں اسے ہی جان سے مار دیتا ہوں ..اگر اُسے کچھ ہوا تو..اسد کہتے ساتھ ہی انیسہ کا گلہ ..دبوچ چکا تھا

..اسد اسے چھوڑو ...مر جائے گی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انیسہ کی آنکھیں بند ہو رہیں تھیں کہ حلیمہ بیگم فوری اگے بڑھتے اُسے چھڑوانے لگی ..اسد نے غصے میں اُسے پیچھے دھکیلا ..وہ گرتے لمبے لمبے سانس لینے لگ گئ ..حلیمہ بیگم نے پانی پلایا تب وہ ہوش میں ائی ورنہ اُسے اپنی موت سچ میں نظر ا گئ تھی .. انکھیں انسوؤں سے بھیگ چکی تھیں ..فاطمہ سب کو سب ..کے حال پر چھوڑتی باہر کو بھاگی

..رکو میں بھی ساتھ چلتا ہوں

..نہیں اسد ..تمہارا جانا ٹھیک نہیں ہو گا

میں پریشان ہوتا رہوں گا پلیز..چلتا ہوں ناں ..منت بھرے لہجے ..میں کہا گیا

میں فون کر دوں گی فلحال انیسہ کا انتظام کرو ..ماما نے انیسہ کو بتا کر بہت غلط کیا ہے ..وہ باز نہیں ائے گی اب ...پتا نہیں وہاں کیا حالات ہوں میں چلتی ہوں ..ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھتے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ فکرمندی سے بولی اور اسد کو پریشان عجیب کشمکش میں چھوڑ کر جا چکی تھی..

"کیس ہے انا ...؟؟"

فاطمہ نے ہانپتے ہوئے پوچھا...وہ سیدھا ہاسپٹل آئی تھی..

ٹھیک ہے ابھی بے ہوش ہے ..تمہارا کیا بات ہوئی تھی اُس سے کہ اُس نے یہ سب کیا..

ذیشان نیچی آواز میں غراتے ہوئے بولا..انکھوں میں بے بسی ہی بے بسی تھی ..فاطمہ نے گھبرا کر اُسے دیکھا وہ اُسے کیا بتاتی .. اس لئے مجرموں کی طرح کھڑی رہی..ذیشان مٹھیاں بھینچتے اُسے خونخوار نظروں سے دیکھتے وارن کرتے ڈاکٹر سے ملنے چلا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان کے جانے کے بعد فاطمہ نے رکا ہوا سانس خارج کیا اور نسیمہ بیگم کے ساتھ بیٹھتے اُسے حوصلہ دینے لگی..

انا نے ہوش میں اتے صرف فاطمہ سے بات کی تھی وہ پہلے سے زیادہ کمزور ہو گئ تھی دو دن بعد ڈسچارج ہو کر گھر بھی ا گئ تھی لیکن ہوں ہاں کے علاوہ کسی سے بات نہ کرتی تھی..

ذیشان نے کتنی ہی دفعہ پوچھنے کی کوشش کی تھی لیکن اُس نے کچھ نہ بتایا..بس اتنا کہا کہ میں مرنا چاہتی ہوں..اس میں فاطمہ کا کیا قصور..عامر انا کے بازو کی ڈریسنگ کر کے ذیشان کے جانے کے بعد وہیں چپ کر کے انا کے ساتھ بیٹھ گیا..

اپی پلیز ائینڈ ایسا مت کہیے گا..آپ کو ہم میں سے کسی کا خیال نہیں..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...عامر جاؤ اب

انا نے رخ موڑتے کہا

ہمیں آپ کی ضرورت ہے .. آپ ہمارے لئے بہت قیمتی ہیں .. بہت پیار کرتے ہیں آپ سے ہم سب ..عادل نے کمرے میں رو رو کر انکھیں سُجائی ہوئی ہیں آپ جانتی ہیں وہ آپ کے معاملے میں کتنا کچی ہے. .شانی بھائی نے دو دن سے کھانا نہیں کھایا ..کہتے ہیں اُن کی گڑیا کو کچھ ہو گیا تو وہ بھی جی نا پاتے ..مانی بھائی خاموش ہیں کسی سے بات نہیں کر رہے .بڑی ماما چپکے چپکے آپ کو دیکھنے آتی ہیں کہ آپ دوبارہ سے اپنے آپ کو نقصان نہ پہنچا لیں .بڑے پاپا کا بی پی کنٹرول نہیں ہو رہا ..پھوپھو کا بخار نہیں اُتر رہا ..ماما پاپا کی آنکھیں میں جب بھی دیکھتا ہوں گیلی ہوتی ہیں ..پاپا کی طبیعت

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

...عامر جلدی آؤ

امان نے چیختے ہوئے اوازیں دیں..اور بھی باقی سب کی ملی جلی اوازیں اُسے پکار رہیں تھیں ..عامر نے گھبرا کر انا کو دیکھا دوبارہ عامر کو پکارتے حاشر انا کے کمرے میں آیا.

..ماموں کو ہوش نہیں ا رہا ..جلدی آؤ

یہ سننے کی دیر تھی عامر کے پیچھے انا بھاگتے ہوئے نیچے ائی تھی .. ارشاد صاحب کو ہارٹ اٹیک ہوا تھا جلدی سے انہیں ایمرجنسی میں لے جایا گیا ..انا سب کے ساتھ رو رو کر اُن کی سلامتی کی دعائیں مانگنے لگ گئ ..باپ کو کھو نہیں سکتی تھی...ناہید بیگم نے انا کو اپنے سینے میں بھینچے چپ کروانے کی کوشش کی لیکن وہ رو رو کر بے حال ہو گئ تھی ..عامر ڈاکٹرز

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے ساتھ ائی سی یو میں تھا عائشہ اور صفا بچوں کے ساتھ گھر تھیں باقی سب ہاسپیٹل تھے ..

..بھائی پلیز .پاپا

...کچھ نہیں ہو گا چپ

..امان نے ناہید بیگم سے الگ کرتے اپنے ساتھ لگایا

پاپا خطرے سے باہر ہیں...آپ سب لوگ گھر جائیں ..

میں ادھر ہی ہوں ..پاپا کو ہوش ائے گا تو میں بتا دوں گا ..

عامر تھکا تھکا سا ماتھا ملتے بولا ارشاد صاحب کو بروقت ہاسپیٹل لے جایا گیا تھا اس لئے زیادہ سرئیس بات نہیں تھی .

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امان سب کو لے کر جاؤ .. میں عامر کے ساتھ رکتا ہوں ..بابا آپ بھی جا کر ریسٹ کریں چاچو ٹھیک ہیں ..پھوپھو بھی پریشان ہو رہی ہوں گی..

پریشانیوں اور دکھوں نے تو ہمارے گھر کا راستہ ہی دیکھ لیا ہے .. ایک دکھ ختم نہیں ہوتا اگلہ تیار ہوتا ہے ..نسیمہ بیگم نے اداسی سے کہا اور ناہید بیگم کو سہارا دیتے کھڑا کیا..

خطرے سے باہر ہے ارشاد ..پریشان نہ ہو...جلد ہی صحت یاب بھی ہو جائے گا ..وہ چلتے ہوئے ناہید بیگم کو دلاسہ بھی دے رہیں تھیں ..انا امان کے بازوں کے حلقے میں بے جان مورت بنی چل رہی تھی ..سب کے جانے کے بعد عامر اور ذیشان باہر ہی بیٹھ گئے..

"چاچو کو کب تک ہوش ائے گا ..؟؟"

بھائی صبح تک اجائے گا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جاؤ ..اپنے کیبن میں جا کر ریسٹ کرو ..کوئی مسئلہ ہو گا تو میں بُلا لوں گا ..ذیشان عامر کو نرمی سے کہتا ارشاد صاحب کے پاس چلا گیا ..ارشاد صاحب کو جب ہوش آیا تب ذیشان اکیلا اُن کے پاس تھا ..انہوں نے اپنی پریشانی کی وجہ بتائی تو ذیشان دھک سے رہ گیا تھا ..وہ ایسا مر کر بھی نہیں کر سکتا تھا سوچنا تو دور کی بات ہے.. کسی کو نہیں پتہ تھا اُن کے بیچ کیا بات ہوئی ..ہاں ..اُس کے بعد ذیشان کھویا کھویا اور سوچ میں غرق رہتا ..ارشاد صاحب گھر جا چکے تھے سب اُن کی دلجوئی کرتے انا بھی اُن سے بات کرنے لگی تھی مکمل نارمل ابھی بھی نہیں ہوئی تھی ..نہ روتی تھی نا ہنستی تھی ..ناجانے خلاؤں میں کیا تلاش کرتی تھی ..ذیشان اُسے دیکھ دیکھ کر گھل رہا تھا ..صبا بھی ذیشان کو ایسے دیکھ کر پریشان تھی بچوں کو بھی صبح توجہ نہیں دے رہی تھی..کچھ وہ انا کی حرکت کی وجہ سے سہم گئے تھے انا نے اُن کے سامنے ہی باجانے کیا سوچتے بے دردی سے کلائی پر چھری چلا دی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اور جو خون کا فوارہ نکلا تھا بچے کو چیخنے پر مجبور کر گیا تھا فدی تو تب سے فاطمہ اور انا کے ساتھ ہی سوتا تھا اور حانی کا بہت خیال رکھتا تھا.

ذیشان چاچو تو اب پہلے سے بہتر ہیں .. آپ کیوں پریشان ہیں پھر ..؟؟

صبا ذیشان کے کندھے پر ہاتھ رکھتے پیار سے بولی.

احان بہت جلدی چلا گیا .. سب بکھر گیا ہے یار.. دکھ سے بتایا گیا..

امید کیوں ہار رہیں ہیں .. ہم سمیٹ دیں گے .. میں پہلے صرف ایک پہلو دیکھ رہی تھی لیکن اب میں دونوں طرف غور کرتی ہوں .. جس طرح عائشہ بھابھی کرتی ہیں... میں آپ کے ساتھ ہوں .. ہم سب ٹھیک کر دیں گے .. وہ جذب سے بولی تو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان نے کسی احساس کے تحت اُسے اپنے ساتھ لگایا اور ماتھے پر لب رکھے..

انا میری بہن ہے یار .. میری گڑیا .. میں نے اُسے خود پالا تھا .. لیکن اُسے بہادر نہیں بنا پایا .. وہ ہمارے پیار کی وجہ سے کمزور ہو گئی پے .. وہ کبھی اتنی اکیلی نہیں ہوئی جتنی اب ہو گئی ہے .. وہ سیارے کے بغیر زندگی نہیں گزار سکتی .. مجھ سے تو ٹھیک سے بات بھی نہیں کر رہی خفا ہے جب سے میں نے اسد کی سائیڈ لی ہے .. اندر ہی اندر مر رہی ہے .. اگر اُس دن وہ کمرے میں اکیلی ہوتی تو ہمیں پتہ ہی نہ چلتا اور ہم اُسے بھی کھو دیتے .. یہ بات مجھے راتوں کو سونے نہیں دیتی..

غمگین لہجے میں ذیشان بول رہا تھا اور صبا اُسے سن رہی تھی بنا کسی حرکت کے سانس روکے..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک بات کہو ..غصہ مت کیجیے گا..ہچکچاتے ہوئے اجازت طلب کی گئ تھی..

کہو ... سر اٹھا کر بھاری آواز میں وہ بولا تو صبا نے لمبی سانس لی اور گویا ہوئی..

آپ نے ٹھیک کہا ..انا اکیلے زندگی نہیں گزار سکتی ..اُسے سہارے کی ضرورت ہے وہ دل کی نرم اور کمزور دل کی مالک ہے .. آپ لوگوں کے پیار نے اُسے نازک بنا دیا ہے ..فاطمہ نے جہان کے بعد اپنے آپ کو مضبوط کر لیا تھا اُس نے صاف لفظوں میں بتا دیا تھا اُسے کسی کے سہارے کی ضرورت نہیں ہے وہ اپنے بیٹے کے ساتھ زندگی گزار سکتی ہے جہان بھی اچانک ہی اس دنیا سے گیا تھا لیکن انا اب فاطمہ کی محتاج ہے احسان کے جانے کے بعد ..ساری زندگی وہ احسان کے سہارے اور اُسی کا ہاتھ تھامے جیتی آئی ہے ..اب وہ اندر سے خوفزدہ ہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُس کا دل کانپتا ہو گا وہ اکیلے کیسے رہے گی وہ ڈرتی ہے سب سے ..
کوئی اُسے ترس کھا کر کچھ کہہ نہ دے وہ مضبوط نہیں ہے وہ
بہت کمزور ہے لیکن وہ ظاہر یہ کرواتی ہے کہ اُسے کسی سے
فرق نہیں پڑتا .. لیکن اُسے تنہائی سے فرق پڑ رہا ہے .. آپ
کے سامنے تھا احسان اُس کی بیساکھیوں کی طرح تھا ابھی انا
لڑکھڑائی اور احسان نے فوری اُسے سہارا دیا اپنے ساتھ کا یقین دلایا ..
آپ نے ٹھیک کہا تھا وہ آپ سے زیادہ احسان سے پیار کرتی
ہے کیوں کہ وہ اُسے کبھی تنہا نہیں چھوڑتا تھا اور اب ہمیشہ کے لئے
چھوڑ گیا ہے .. انا کو سہارا نہ ملا تو مر جائے گی وہ فاطمہ
جتنی مضبوط نہیں ہے .. صبا نے اپنی بات ختم کر کے ذیشان کو
ڈرتے ڈرتے کن اکھیوں سے دیکھا لیکن ذیشان صبا کو ٹھوڈی پر ہاتھ کا
مکا بنا کر رکھے فرصت سے دیکھ رہا تھا ..

کبھی کبھی تم بہت سمجھداری کی باتیں کر جاتی ہو .. جب تم سوچتی کم
ہو دیکھ کر محسوس زیادہ کرتی ہو .. میں بھی اسی لئے فکر مند ہیں اگر انا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مزید کچھ عرصہ فاطمہ کے ساتھ رہی تو وہ اُس کی محتاج ہو کر رہ جائے گی..اُسے اُس کی عادت ہو گئ ہے ..وہ اکیلے نہیں رہ سکتی..

ذیشان ماتھا مسلتے متفکر سا بولا..

مجھ سے یہ سب عائشہ بھابھی نے ڈسکس کیا تھا ..پھر میں نے جو کہا وہ اُن کو اچھا نہیں لگا .. میں نے کہا تھا کہ انا کی دوبارہ شادی کروا دیتے ہیں ابھی غم تازہ ہے اور انا کو کسی کا اسرا وقت پیار توجہ سب ملے گا تو وہ نارمل زندگی کی طرف ا جائے گی لیکن عائشہ بھابھی کہتی ہیں احسان کے علاوہ کوئی نہیں جو اُسے اتنا چاہے اور سمجھے..

احسان کے علاوہ کوئی اتنا انا کو نہیں چاہ سکتا ..ایسا کوئی نہیں ہے..ایسا کوئی نہیں .. نہیں ہے ..ہے ایسا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان صبا کی بات پر غور کرتا صبا کو وہیں کمرے میں چھوڑتے باہر نکل ایا ایک ہی بات اُس کے دماغ میں چل رہی تھی ایسا کون ہے ہمارے علاوہ جو اُسے چاہے گا ..سوچ میں ڈوبا وہ لان میں اکر ٹہلنے لگا پھر کچھ کلک ہوا اُس کے دماغ میں تو اُس نے کسی کا نمبر ملایا ..دوسری طرف دوسری ہی بیل پر فون اٹھا لیا گیا..

"تم نے لندن جانے سے پہلے جو کہا تھا "یاد ہے ..؟؟

ماضی

تمہاری یکطرفہ محبت کی کوئی اہمیت نہیں ہے اُس کی زندگی میں ..تمہارا ہونا اُس کے لئے اذیت کا باعث ہے ..ذیشان تفاخر سے بولا تو اسد تلخی سے مسکرا دیا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یکطرفہ محبت کی ایک خوبی ہے یہ جس سے دل چاہے ہو " جاتی ہے .ہم کسی سے شکایت نہیں کر سکتے .غلاموں کی طرح سر جھکاتے ہیں..کیوں کہ یہ ہمارے دل کی چاہ ہوتی ہے اور ہم اس کے ساتھ ساری زندگی لڑتے ہیں .. میں نے کہیں سُنا تھا یکطرفہ محبت آہستہ آہستہ ختم ہو جاتی ہے لیکن یکطرفہ عشق اہستہ اہستہ روح تک سرایت کر جاتا ہے..وہ میری زندگی میں نہیں ا سکتی .. لیکن میں اُسے دل سے نکال بھی دوں لیکن اپنی رگوں سے جدا نہیں کر سکتا..وہ میرے ذہن سے چمٹ گئ ہے .. آپ کی بہن کی معغروریت میرے جینے کی وجہ بن گئ ہے .. اُس کا غرور مجھے لے ڈوبا .. میرا دل میرا نہ رہا .. میں بہت پہلے ہی پیچھے ہٹ گیا تھا اُس کے غرور نے مجھے آگے بڑھنے ہی نہیں دیا وہ آج بھی فخر سے جیتی ہے میں کل بھی بے سکون تھا اج بھی ہوں اور میں جانتا ہوں یہ بے سکونی عمر بھر کی ہے..دل کا سکون بھی ایک نعمت ہے لیکن یہ ہمارے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جیسے بے ضمیر لوگوں کے لئے نہیں ہیں .. میں نے ہتھیار بہت پہلے ہی ڈال دیے تھے .. میں بلکل خالی ہاتھ ہوں .. پر وعدہ کرتا ہوں اُن کو کبھی بھرنے کی کوشش نہیں کروں گا .. لیکن اُسے ذہن سے اُکھاڑ نہیں سکتا .. غلطی کی ہے تو سزا کے لئے تیار ہوں .. جدائی سے بہتر کوئی سزا نہیں .. جدائی ہی عشق کی سزا ہے .. چلتا ہوں .. کبھی لوٹ کر نہیں اؤں گا کیوں کہ میرا آپ لوگوں کی زندگیوں میں کوئی کام نہیں ..

حال ..

اگر میں کہوں کہ تمہارا کام ہے ہماری زندگی میں تو ...

تو میں ضرور آپ کے کام اؤں گا ..

اسد جھٹ سے بولا کہیں ذیشان مکر ہی نہ جائے ..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"تمہاری محبت زندہ ہے ..؟؟"

محبت مرتی نہیں ہے وقت کے ساتھ ساتھ پختہ ہو جاتی ہے ..فوری جواب حاظر تھا..

"محبت اگر امتحان اور آزمائش مانگے تو دو گے ..؟؟

خوش قسمت لوگوں میں شامل کر لوں گا پھر تو میں خود کو .. اسد کے منہ سے جواب خود با خود نکل رہے تھے وہ خود بھی نہیں جانتا تھا کیا کہہ رہا ہے..

اپنی محبت کو اپنانے کی ہمت ہے ..ذیشان ہمت جمع کرتے قرب سے بولا یہ وہ ہی جانتا تھا کیسے یہ الفاظ ادا کہے ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُس نے کبھی نہیں سوچا تھا یہ دن بھی ائے گا لیکن اُسے انا کے لئے کرنا پڑا تھا صرف اپنی گڑیا کے لئے ..وہ اُس کی بہن تھی اولاد کی طرح تھی ارشاد صاحب نے اُسے مشکل میں ڈال دیا تھا اب اُسے ایک بار پھر سے اپنی بہن کی زندگی خوشگوار بنانی تھی..

مجھے کبھی یہ سوچنے پر مجبور تو نہیں کرو گے میرا فیصلہ غلط تو نہیں تھا ..ذیشان نے ایک اور پتا پھینکا..

آپ کو کبھی یہ سوچنا نہ پڑ جائے کہ کہیں اسد کا فیصلہ غلط نہیں تھا میں نے مشکل میں تو نہیں ڈال دیا .. لیکن یقین کریں میں آپ کے سامنے اف تک نہیں کروں گا..

"کیا وہ مانے گی ..؟؟"

احسان کی دفعہ بھی میں نے اُسے بتایا تھا کہ میں جو بھی کر رہا ہوں اُس کی بہتری کے لئے کر رہا ہوں ..اب بھی یہ ہی کہوں گا تو وہ میرا مان نہیں توڑے گی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

لیکن ذیشان بھول گیا تھا پہلے احسان کا چناؤ کیا گیا تھا جس کو وہ جانتی تھی سمجھتی تھی ..اب ایک ایسے شخص کا چناؤ کیا گیا ہے جس کو وہ جاننا کیا دیکھنا بھی پسند نہیں کرتی .. انا کو جب پتا چلا تو اُس نے بے یقین سے ششدر نگاہوں سے ذیشان کو دیکھا ساتھ صبا بھی کھڑی سمجھا رہی تھی لیکن وہ تو ذیشان کو دیکھے جا رہی تھی جو اُس کی زندگی کا اہم فیصلہ کر رہا تھا ..سب جانتے ہوئے بھی وہ یہ سب کہہ رہا تھا کیا یہ تھی بھائی کی محبت ..بیوی نے کہا تو بہن کو دشمن کے حوالے کر دیا

کیا میں بوجھ تھی ..؟؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گڑیا میرا مان رکھوں گی .. سمجھو بہت مجبور ہو کر آیا ہوں .. کہتی ہو تو تمہارے پاؤں پڑ جاتا ہوں .. میرے جُڑے ہاتھ دیکھ لو .. مان جاؤ .. تمہارا بھائی سرخرو ہو جائے گا

ذیشان نے لاچاری سے کہا تو انا نے انکھیں مچتے ہاں میں سر ہلایا تھا وہ سمجھ نہیں پا رہی تھی ذیشان کی کیا مجبوری ہے جو اُس کے پاؤں پڑنے کو بھی تیار تھا حیران تو صبا بھی ہوئی تھی ذیشان کے شدید ری ایکشن پر .. پھر انا چھ ماہ بعد انا احسان سے انا اسد ہو گئ اُس نے جاننے کی کوشش ہی نہیں کی ذیشان نے ایسا کیوں کیا اسد کا انتخاب کیوں کیا .. لیکن انا کو ایک مقصد ملا تھا احسان کی موت کا بدلا اسد سے لینے کا یہ ہی سوچتے وہ رخصت ہو کر اسد کے ساتھ ائی تھی اور اتنے مہینوں بعد وہ کمرے کو اندر سے بند کیے احسان کو یاد کر کے بلک بلک کر روئی تھی کہ باہر کھڑا اسد اُس کی سسکیاں سنتے کانپ گیا تھا اُس میں اندر جانے کی ہمت نہیں تھی .. وہ آج کے دن انا کا سامنا نہیں کر پاہ رہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا وہ انا کو وقت دینا چاہتا تھا... حلیمہ بیگم نے اگلے دن ولیمہ رکھا تھا اگلے دن انا سپاٹ چہرہ لیے رسم کے مطابق واپس صدیقی ہاؤس ائی تھی اور تب سے کمرے میں بند رو رہی تھی یہ دو دن اُس نے صرف رو کر سسک کر احسان کو پل پل یاد کر کے گزارے تھے .. چھ ماہ کا غبار اب نکلا تھا وہ تڑپ رہی تھی احسان کی واپسی کی فریادیں کر رہی تھی .. لیکن احسان کبھی نہ انے کے لئے گیا تھا وہ واپس کیسے آتا ..

ساری رات وہ بیڈ کے ساتھ ٹیک لگائے زمین پر بیٹھی روتی رہی تھی اور نتیجہ صبح تک آنکھیں سوجھ کر لہو رنگ ہو گئیں تھیں.. جسم درد سے کراہ رہا تھا .. بیڈ کو تھامتے وہ اُٹھ کر بیڈ پر گرنے کے انداز میں لیٹی تھی .. اچانک اُس کا دماغ ذیشان کے

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شدید ری ایکشن کی طرف چلا گیا تھا احان کے بارے میں سوچتے سوچتے وہ ذیشان کے بارے میں سوچنے لگ گئ..

"بھائی نے اتنی جلدی یہ سب کیوں کیا...؟؟"

کیا میں بوجھ بن گئ تھی .. نہیں میں تو اُن کی گڑیا ہوں..ایسی بات نہیں ہو گی ..پھر ... کہیں پاپا کی وجہ سے ...پاپا میری وجہ سے کتنے پریشان تھے میں ہی مر کیوں نہیں گئ احان تمہارے ساتھ ..تمہے پتہ ہے بھائی نے مجھے اُس شخص کے ساتھ باندھ دیا ہے جس سے میں زندگی میں پہلی بار ڈری تھی اور مجھے اُس سے نفرت ہوئی تھی.ناجانے بھائی نے کس لہجے اور انداز میں کہا تھا کہ میں کچھ بول ہی نہ پائی ..ورنہ وہ میرے پیروں میں بیٹھ جاتے .. میں نے اُس پر جب بھی ہاتھ اُٹھایا ہے اُس نے مجھ سے بدلہ لیا ہے .. کہیں بھائی کو اُس نے مجبور تو نہیں کیا ..جو بھی ہے اب میں اپنی حواس نہیں کھویوں گی احان

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں اُسے تمہارا قتل معاف نہیں کروں گی..تمہاری انا کمزور نہیں رہی .. میں اس سے ہر چیز کا بدلہ لوں گی اب ..بھائی نے جو بھی سوچ کر ... کہیں بھائی نے یہ سوچ کر تو میری شادی نہیں کروائی .. کوئی پلان نہ ہو بھائی کا ..بھائی اُس کے نزدیک رکھ کر ثبوت اکٹھے کرنا چاہتے ہوں ..مجھے بھائی سے بات کرنی ہو گی ..انا اپنی ہی سوچ کے تانے بانے بُن رہی تھی کبھی کچھ سوچ کر خود کو تسلی دیتی کبھی کچھ..پھر فوری ذیشان سے بات کرنے کا فیصلہ کرتی بھاری ہوتے سر کو تھامتے ذیشان کے کمرے کی طرف آئی ..ناک کرنے پر ذیشان نے ہی دروازہ کھولا وہ فجر کی نماز پڑھ کر سویا نہیں تھا

بھائی مجھے آپ سے ابھی بات کرنی ہے..بھاری ہوتی آواز سے ضدی لہجے میں باور کروایا گیا..

..اجاؤ ..لان میں چلتے ہیں ..تازہ ہوا بھی لے لیتے ہیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان انا کی بکھیری حالت دیکھ کر کٹ سا گیا تھا وہ شفقت سے اپنے ساتھ لگائے کہتے ہوئے چلنے لگا .. کمزوری کی وجہ سے چلتے چلتے انا کا سانس پھول گیا لان میں اکر وہ کرسی پر ڈھ سی گئ..

رکو میں جوس لاتا ہوں..

نہیں بھائی .. آپ ادھر بیٹھیں .انا نے فوری اُس کا ہاتھ پکڑتے روکتے ہوئے کہا اج کتنے عرصے بعد انا نے ذیشان سے نرمی سے بات کی تھی ذیشان کے چہرے پر ہلکی سی مسکراہٹ اکر معدم ہوئی اور انا کو غور سے دیکھنے لگا..

بھائی مجھے پتہ چل گیا ہے آپ نے میری شادی اُس گھٹیا انسان سے کیوں کروائی ہے...

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیا پتہ چلا ہے ..ہکلاتے ہوئے وہ تیزی سے بولا..دل دہل سا گیا تھا..

بھائی ریلکس .. میں جانتی ہوں آپ احسان کی موت کا بدلہ لینا چاہتے ہیں ناں اسی لئے آپ نے یہ سب کیا .. میں اُس کے نزدیک رہ کر آپ کو ثبوت اکٹھے کر کے دوں گی .. میرے علاوہ یہ کام کوئی نہیں کر سکتا تھا .. آپ نے یہ ہی سوچا ہے ناں ..ورنہ آپ میری اُس کمینے سے شادی کیوں کرواتے... آپ جانتے ہیں میں صرف احسان سے پیار کرتی ہوں ..اس نے مجھ سے احسان چھین لیا ہے ..اب میں اسے چھوڑوں گی نہیں..مجھے پتہ تھا آپ میرے ساتھ ہیں آپ نے اُسے جیل سے بھی اسی لئے رہا کروایا ہو گا کہ اُس کی نظروں میں اچھا بن جائیں ..بھائی میں ٹھیک کہہ رہی ہوں ناں .. آپ میرا ساتھ کیسے چھوڑ سکتے ہیں .. آپ ہمیشہ سے اپنی گڑیا کے ساتھ کھڑے رہے ہیں ..مجھے پتہ ہے آپ مجھ پر غصہ بھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھے کہ میں نے اپنی کلائی کائی ..سوری بھائی اب میں آپ کی ہر بات مانوں گی مجھے پتہ چل گیا ہے آپ نے یہ سب اسی لئے کیا ہے ..یہ شادی بھی اسی لئے ہوئی ہے وہ بہت شاطر ہے..شکل سے معصوم لگتا ہے لیکن ہے نہیں ..آپ بتائیں اب مجھے کیا کرنا ہو گا ..عادل کو بھی ساتھ ملا لیتے ہیں ..وہ ہماری ہیلپ..

.بس میری جان ..بس میرا بچہ

انا ہذیانی انداز میں بنا رکے بولے جا رہی تھی ساتھ تسلسل سے انسو بھی نکل رہے تھے ذیشان اُس کی بات سنتے پہلے تو پر سکون ہوا پھر ضبط سے سنتا رہا جب ضبط جواب دے گیا تو اُس کے ہونٹوں پر انگلی رکھ کر شدت بھرے لہجے میں چپ کروایا ..کیوں کہ وہ اپنے آپ ہی سب اخذ کر چکی تھی اور وہ اپنے پاگل پن میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگے سے نکل جائے ذیشان نے اُس سے پہلے ہی چپ کروا دیا ..انا نے بھیگی انکھوں سے اُسے نا سمجھی سے دیکھا..

پر بھائی..

انا ایسا کچھ نہیں ہے میری گڑیا ..آنسو اپنی پوروں سے صاف کرتے ذیشان نرمی سے بولا تو انا نے اُس کے ہاتھ جھٹک دیے..

کیا مطلب ایسا کچھ نہیں ہے ..تُرخ کر پوچھا گیا

گڑیا وہ بدل گیا ہے ..ہمارے احسان کو اُس نے نہیں مارا ..وہ ایک حادثاتی موت تھی ..اُسے اللہ کا بلاوا آیا تھا..

بھائی آپ کہہ رہے ہیں یہ سب ..صدمے سے انا کنگ رہ گئی تھی ..آواز اُس کی حلق میں پھنس رہی تھی اور ذیشان کی باتیں اُس کے دل میں چبھ رہیں تھیں..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نے اسد سے تمہاری شادی اس لئے کروائی ہے کیوں کہ وہ تمہے چاہتا ہے .. تمہارے دکھ میں وہ تمہارا سہارا بنے گا ..

اُس کے لئے آپ سب تھے اُس کی کیا ضرورت تھی .. انا چلاتے ہوئے بولی ..

ابھی تم نہیں سمجھو گی .. ہر انسان کو ایک اسے سہارے کی ضرورت ہوتی ہے جو زندگی میں کبھی اُسے ڈگمگانے نہ دے .. اب اسد وہ سہارا بنے گا ..

مجھے کچھ نہیں سُننا ..

ذیشان کی بات سن کر سمجھتے وہ کانوں پر ہاتھ رکھتے پاگلوں کی طرح بولی تھی ..

گڑیا .. میری بات ..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھائی آپ میری بات سُنیں .. میں اُس پر دوبارہ کیس کروں گی آپ وکیل کو بُلائیں...اب میں اُسے کوٹ میں گھسیٹوں گی .. کوئی میرا ساتھ دے نہ دے .. میں اُسے نہیں چھوڑوں گی

ہچکیوں سے روتے ہوئے وہ اٹل فیصلہ کرتے بولی تو ذیشان نے بے یقین سے اُسے دیکھا .. اُس وقت انا اُسے پاگل لگی تھی .. یہ سب دیکھ کر اُس کا دل جتنا زخمی ہو رہا تھا وہ ہی جانتا تھا .. کاش وہ انا کے نصیب سے لڑ سکتا .. یہاں اکر وہ بے بس ہو جاتا تھا ..

گڑیا اس سب کا کوئی فائدہ نہیں ہے .. ذیشان نے اُسے کندھوں سے تھام کر سمجھانا چاہا .. تبھی صبا روتی ہوئی حانی کو لے کر اُس کے نزدیک ائی ..

ذیشان یہ تو مجھ سے سنبھل ہی نہیں رہی .. فاطمہ سوئی ہوئی ہے ..

یہ دیکھو انا ... تم نے ابھی تک حانی کو پیار سے اپنی آغوش میں لیا ہے .. ؟؟ تم نے اسے اس کا حق دیا ہے .. یہ تمہاری اور

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

احسان کی بیٹی ہے ..دیکھو اسے غور سے .. یہ رو رہی ہے ..تمہے پکار رہی ہے .. تم نے اس پر توجہ دی .. تم ماں بن گئ ہو .. یہ باپ سے تو محروم ہوئی تھی تم نے ماں سے بھی کر دیا .. تم اسے بھی قصور وار سمجھتی ہو ..اس معصوم کا کیا قصور ..؟؟ اس نے تو ابھی آنکھ کھولی تھی اور محرومیاں اس کا مقدر بن گئ..

اس نے تو مجھے بھی محرومیاں دے دی ہیں .. میں اسے کیوں پیار کروں ..اس نے مجھ سے میرا پیار میری زندگی چھین لی .. نہ یہ دنیا میں اتی اور نہ یہ سب ہوتا..

انا بے رُخی سے بولی تو ذیشان نے زخمی نظروں سے اُسے گھورا..

انا ایسی بات نہیں ہے..

بھابھی میں آپ سے بات نہیں کر رہی .. آپ تو چاہتی تھیں ناں میں اس گھر سے آپ کے شوہر کی زندگی سے چلی جاؤں تو آپ کے شوہر نے آپ کی مان لی ..اخر بیوی جو ہیں .بیوی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کے سامنے بہن کی کیا اوقات ..اوپس سوری منہ بولی بہن ..ہوں تو کزن ہی .. سگی بہن ہوتی تو شاید یہ سب نہ کرتے..اتنی جلدی سر سے اٹار کر نہ پھینکتے .پلیز ایک احسان کر دیں کسی وکیل کا ارینج کر دیں باقی میں دیکھ لوں گی .. تلخی سے کہتے وہ اندر کی طرف بڑھ گئ پیچھے صبا نے حیرانگی سے ذیشان کو دیکھا جو لب بھینچے اپنی تکلیف کم کرنے کی کوشش کر رہا تھا چہرہ ضبط سے سُرخ پڑ گیا تھا ..اتنی بدگمان تو کبھی نہ ہوئی تھی وہ ..اپنے بھائی کے پیار پر شک کر رہی تھی وہ حانی کو گود میں لیے وہیں کرسی پر ڈھ گیا ایک انسو انکھ سے نکل کر گال پر پھسلا تھا نیچے گرنے سے پہلے صبا نے اپنی ہتھیلی پر چُن لیا ..

جب اُسے اپنے کیے کا احساس ہو گا تو وہ خود آپ کی طرف ائے گی معافی مانگے گی ابھی وہ صدمے میں ہے ..پچھلے چھ ماہ سے جو اُس کے ساتھ ہو رہا ہے وہ اُس کے زیر اثر ہے .. آپ دکھی نہ ہوں ..کچھ سوچ کر ہی آپ نے اُس کی شادی کی ہے ..ابھی زخم تازہ

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہے کسی کا پیار توجہ ملے گی تو بھر جائے گا..شاید کچھ سال بعد وہ نہ کرتی شادی ...حانی کو بھی قبول کر لے گی وہ تڑپتی ہے حانی کے لئے بس مجبور ہے اپنے گرد ایک انا سے کھینچ لی ہے اُس نے ..صبا ذیشان کے کندھے پر دُباؤ ڈالتے میٹھے لہجے میں بول رہی تھی اور ذیشان بے حس و حرکت اُسے سن رہا تھا ساتھ حانی کو دیکھ رہا تھا جو ذیشان کو دیکھتے مسکرائی تھی دونوں سائیڈ پر ڈھیلڑ نمایاں ہوئے تھے..ذیشان اندر سے ٹوٹ سا گیا تھا لیکن اُس نے ظاہر نہ ہونے دیا وہ سب کے سامنے مضبوط بنا رہا..ارشاد صاحب اسد سے انا کی شادی کروا کر قدرے مطمعین تھے یہ ذیشان کا دیا حوصلہ ہی تھا اب اُنہیں فاطمہ کی فکر ستا رہی تھی..دونوں بیٹیاں جب بیوہ ہوئی تھیں تو اُن کی قمر ٹوٹ گئی تھی اور آہستہ آہستہ وہ ہمت اور امید چھوڑ گئے لیکن ذیشان نے انہیں دوبارہ ہمت اور حوصلہ دیا تھا اور وعدہ کیا تھا کہ اُن کی بیٹیوں کو زندگی میں دوبارہ رنگ بھرے گا..اس کے لئے وہ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عمل درامد شروع کر چکا تھا ..اسد سے انا کی شادی کروا کر اب کسی طرح فاطمہ کو راضی کرنا تھا جو انا سے بھی زیادہ مشکل تھا ..وہ نہیں چاہتی تھی فدی کی زندگی پر سوتیلے باپ کا بُرا سایا پڑے .. اب ذیشان اور ناہید بیگم نے کسی طرح اُسے منانا تھا اُس سے پہلے انا کو تھوڑا سنبھلنے میں فاطمہ کو اُس کی مدد کے لئے ..کہا گیا تھا جو وہ خوش اسلوبی سے کر رہی تھی

اسد تم نے شادی تو کر لی ہے .. لیکن آگے سب آسان نہیں ہے ..بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا .. تحمل سے کام لو گے تو ..ہی تم اُس تک پہنچو گے

ماما میں سمجھ رہا ہوں آپ کی بات .. میں نے بھی کسی سے وعدہ کیا ہے اُس کی امیدوں پر پورا اُتروں گا ..اسد حلیمہ بیگم

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی باتوں کا مقصد سمجھتے اُنہیں اپنے حصار میں لیتے اپنائیت

سے بولا..

"خوش ہو..؟؟"

"آپ کو کیا لگتا ہے..؟؟"

الٹا سوال کیا گیا تھا.

تم خوش سے زیادہ پرسکون لگ رہے ہو..پیار سے دیکھتے بتایا گیا

تو اسد دلکشی سے مسکرا دیا..

فاطمہ سے کہیں کچھ دنوں کے لئے ادھر ا جائے..ورنہ اُس

کی بہن میرا چہرہ بگاڑ دے گی..تھپڑ ہی مارتی ہے جب بھی مارے

ریلکس ہو کر وہ صوفے کی پشت پر سر ٹکاتے شریر لہجے میں بولا..

انا کو لینے جاؤ گے تو لے آنا..

مسکراتے ہوئے حلیمہ بیگم نے حل پیش کیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"آپ نہیں چلیں گی ساتھ ..؟؟"

.. آئی برو اچکائے پوچھا گیا

تمہاری خالہ گھر میں اکیلی ہوں گی اچھا نہیں لگتا اُنہیں گھر میں اکیلا چھوڑ کر جانا .. حلیمہ بیگم کی بات سن کر اسد نے ایک گہری سانس خارج کی ..

روم صاف کروا دیں .. میں آتا ہوں تھوڑی دیر میں .. فون میں کچھ دیکھتے وہ بنیازی سے کہتا باہر نکل گیا حلیمہ بیگم نے دور تک اُسے جاتے دیکھا تھا آج اُن کے بیٹے کی چھاپ ہی نرالی تھی .. ایک سُلجھا ہوا پُر اعتماد اور مکمل لگ رہا تھا .ابھی حلیمہ اور اسد کی انا سے روبرو کوئی بات نہ ہوئی تھی اور نہ ہی اسد پر لگائے گئے الزام کا ذکر دونوں نے انا سے کیا تھا اسد نے صاف منع کر دیا تھا انا سے کچھ نہ کہا جائے .. دیکھتے ہیں وہ کیا کہتی ہے .. وہ اپنے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

جذبات نہیں سمجھ پا رہا تھا اوپر سے تو وہ خوش تھا لیکن اندر سے وہ ڈر رہا تھا اس ڈر کی وجہ وہ سمجھنے سے قاصر تھا اسی لئے گھر سے نکل آیا تھا اور بے مقصد گاڑی چلا رہا تھا کہ ذیشان کا فون آگیا .. گھر جانے کا ارادہ ترک کرتا اُس نے گاڑی صدیقی ہاؤس کے راستے پر ڈال دی..

شام ہونے والی تھی اور انا کمرے میں بند تھی .. عائشہ نے زبردستی کھانا تو کھلا دیا تھا وہ بھی انا نے صرف عائشہ کی طبیعت دیکھتے کھا لیا تھا عائشہ پریگنٹ تھی اس حالت میں بھی وہ انا کے ناز نخرے اُٹھا رہی تھی انا نے یہ سوچتے شرمندگی سے کھا لیا ہاں اُس سے گلے بہت کیے تھے کہ شانی بھائی کو منع نہیں کیا کسی نے اس شادی کے لئے . تم یا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امان بھائی تو کر سکتے تھے ..عائشہ نے اُسے زمانے کی اونچ نیچ کا آگے آنے والے وقت کا سمجھایا" .. شادی ضروری تھی "

..زندگی ایسے نہیں کٹتی

انا کو اُس کی باتیں بھی اچھی نہ لگیں تو غصے سے اُسے باہر جانے کا کہہ دیا تھا عائشہ جان بوجھ کر کندھے اچکاتی نکل گئی کمرے سے ..تب سے کوئی اُس کے کمرے میں نہ گیا تھا کسی میں ہمت نہیں تھی .. کیچن میں خواتین اسد کے لئے ڈنر کی تیاری کر رہیں تھیں یہ دیکھتے امان منہ بسورتا اپنے کمرے میں چلا گیا.

ادھر انا کی حالت خراب ہو گئ تھی وہ جنونی لگ رہی تھی وحشت اُس کے چہرے سے ٹپک رہی تھی جھنجھلاتے وہ ائینے کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئ..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ کو پتہ ہے .. آئینہ ہمیں ہماری اصل حقیقت دیکھاتا ہے .. ہماری آنکھوں میں جو کچھ بھی چھپا ہوتا ہے اُس کا عکس ہمیں یہ ائینہ دیکھاتا ہے .. آپ جانتی ہیں میں گھنٹوں شیشے کے سامنے کھڑا کیوں رہتا ہوں .کیوں کہ اس میں مجھے آپ دیکھتی تھیں .دیکھتی ہیں اور ہمیشہ دیکھتی رہیں گیں ..جب کبھی آپ نظر نہیں اتیں .. میں شیشے کے سامنے کھڑا ہو جاتا ہے اور آپ کو اپنے سامنے پا کر باتیں کرتا ہوں..

اج انا ائینے کے سامنے کھڑی احسان کی باتیں یاد کر رہی تھی ..جو اُس کے گال نئے سرے سے بھگو گئے تھے ..یاد تو ہر پل ہر سیکنڈ کرتی تھی .. کوئ ایسا لمحہ نہیں تھا .. جس میں اُس نے احسان کو نہ سوچا ہو ..احسان کی قُربت میں تو وہ اپنا آپ بھول بیٹھتی تھی ..اب کسی اور کی رفاقت وہ قبول نہیں کر پا رہی تھی ..بلکہ کرنا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہی نہیں چاہتی تھی... یہ بات اُسے برداشت نہیں ہو رہی تھی
اس بار کوئی اُس کے ساتھ نہیں اور وہ جس کے ساتھ کھڑی
تھی وہ اسے قبول نہیں تھا.

جب میں روتا ہو تو ساتھ وہ بھی روتا ھے

تذکرہ آئینے کا کر رہا ہو انسان کا نہیں ۔۔۔

احسان تم یہاں نظر ا رہے ہو اور کسی جگہ نہیں آتے ... میری
.. یہ ہی حقیقت ہے .. میں تمہے ائینے میں تلاش کروں گی

...سب کہتے ہیں تم چلے گئے ہو ...واپس نہیں اؤ گے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں نہیں مانتی یہ بات ...سب جھوٹ بولتے ہیں .. تم تو میرے سامنے ہو..

بھیگی انکھوں سے وہ بول رہی تھی ساتھ ہچکیاں بندھ گئیں تھیں.. لیکن وہ ائینے میں احسان کو ٹٹول رہی تھی کہ اُسے کسی اور کا عکس نظر آیا جسے دیکھ کر ناگواری سے اُس کے ماتھے پر بل پڑے تھے .. چہرہ غصے سے سُرخ ہو گیا تھا ..انکھوں میں شعلے بھڑکنے لگے.

انا اُس کی موجودگی محسوس کرتے تیزی سے انکھیں صاف کرتی اُس کی طرف پلٹی..

اسد پرسکون سا پینٹ کی جیبوں میں ہاتھ ڈالے دروازے کے ساتھ ٹیک لگائے کھڑا انا کو دیکھ رہا تھا جس سے وہ ائینے میں بھی واضح نظر ا رہا تھا.

"...دفع ہو جاو"

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..میرے کمرے میں کیوں آئے

حلق کے بل چلاتے انا نے ڈریسنگ ٹیبل کی ساری چیزیں بے
..دردی سے نیچے پھینکی

مجھے ذیشان بھائی نے کہا تھا..ہونٹ کاٹتے وہ اعتماد بحال
.کرنے کی کوشش کرتے بولا

جاؤ یہاں سے ...ڈرامہ ختم ہو گیا تھا) .شادی کا(

..یہ میرا گھر ہے تمہارا نہیں

میں تمہاری شکل بھی نہیں دیکھنا چاہتی ..نفرت سے وہ
..چیختے ہوئے بولی

انا میری بات سنو ...تم ریلکس

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ ابھی بول ہی رہا تھا کہ ذیشان ناک کرتے اندر ایا ..اور انا کی حالت دیکھ کر ضبط کے مراحل طے کرنے کی کوشش کرنے لگا ..

..وہ انا کے چیخنے چلانے کی آواز سن کر آیا تھا

میرے گڑیا ..کیا ہوا ہے ..ایسے کیوں رو رہی ہو ..اسے میں نے بُلایا ہے ..وہ بے تابی سے اُس کی طرف بڑھا اور الجھے بال اپنے ہاتھ سے ..سلجھانے لگا

"بھائی آپ نے وکیل کا انتظام کیا ہے ..؟؟"

انا ذیشان کی بات اگنور کرتے ہاتھ جھٹکتے جانچتی نظروں سے دیکھتے ..بولی ..تو ذیشان نظریں چُرا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سُنا تھا بھائی شادی کے بعد بدل جاتے ہیں ..مجھے یقین نہیں تھا .. لیکن اج ہو گیا ہے ..آپ کو اپنی بہن کے حق میں بولنا چاہئے تھا لیکن اب اس کمینے انسان کے حق میں بول رہے ہیں ..بلکہ میرے سر پر بھی تھوپ دیا ہے ..احسان کے جانے کے بعد آپ بھی بدل گئے ہیں .. نہیں سب ہی بدل گیا ہے ..بال نوچتے وہ چلاتے زمین پر ہی بیٹھ گئی تھی..

انا کی باتیں سن کر اور حالت دیکھ کر ذیشان نے تڑپ کر انا کو دیکھا ..اُس کی انکھوں میں چبھن سی ہونے لگی تھی

آپ کی بیوی کو تو میں ویسے ہی کھٹکتی تھی ..اب آپ بھی شاید اُکتا گئے ہیں..رہیں اپنی زندگی میں خوش .. میں خود کر لوں گی سب کچھ .. لیکن اس کے خلاف کیس ضرور درج ہو گا ..اس نے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میری سانسوں کی ڈور چھینی ہے ..میرا احسان چھپنا ہے ..میں اس کا سانس لینا مشکل کر دینا ہے خوش فہمی میں مت رہیے گا میں نے یہ شادی صرف بدلا لینے کے لئے کی ہے ..اور میں لے کر رہوں گی ..تمہے تو میں زندہ نہیں چھوڑوں گی ..

انا فوری اپنے آپ کو کنٹرول کرتے کھڑی ہوتے بولی وہ اسد کے سامنے کمزور نہیں پڑنا چاہتی تھی .دھمکی دے کر کمرے سے نکلنے لگی کہ ذیشان نے فوری اُس کا ہاتھ پکڑ لیا.اور سر کو نہ میں ہلانے لگا ..

ذیشان بھائی آپ انا کی بات مان لیں ..کروا دیں مجھ پر کیس ..اگر میں قصوروار نکل آیا تو خدا کی طرف سے ہی کوئی وسیلہ بنے گا میری سزا کا...اور اگر میں بے قصور ہوا تو میری بیوی کو شاید

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مجھ پر رحم آجائے ..یا یقین ہی کر لے ..قسمت میں جو لکھا ہوتا ہے وہ ہو کر رہتا ہے..

انا کے سُنے کی دیر تھی .وہ طیش سے اُس کی طرف بڑھی ..اسد دو قدم پیچھے ہوا اُس کے ہونٹوں کی مسکراہٹ مچلنے لگ گئ ..فوری اپنے ہاتھ اوپر کو کھڑے کیے لیکن انا اُسے کچھ کرتی پہلے ہی چکرا کر بے ہوش ہو گئ تھی جسے اسد نے فوری سہارا دیتے گرنے سے بچایا اور متفکر سا اُس کے گال تھپکتے کے لئے گال کو چھوا ہی تھا کہ اُسے ایک جھٹکا لگا ..انا کو بہت تیز بخار جو تھا..ہربراتے ہوئے ذیشان کو بتایا تو وہ فوری ڈاکٹر کو فون کرنے لگا..

مجھے آپ کی بہن سے ڈر لگ رہا ہے..ڈاکٹر انا کو چیک کر کے جا چکا تھا ذیشان نسیمہ بیگم کو اُس کے پاس بیٹھنے اور ٹھنڈی پٹیاں کرنے کا کہتا اسد کو لے کر اسٹڈی میں آگیا اور اب

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صاف گوئی سے دل کی بات بتا کر ذیشان کو ناچاہتے ہوئے بھی ہنسنے پر مجبور کر دیا..

میں بھی یہ ہی چاہتا ہوں تم اُس سے ڈرو...

سچ میں ...اسد نے تصدیق کرنی چاہی..

میری پھوپھو تم سے ملنا چاہتی ہیں ..اگلے ہفتے اُن کی عدت پوری ہو جائے گی تب انا کو لے کر آنا ..انا کے چہرے پر اُداسی ذرا بھی نہ ہو اس بات کا خیال رکھنا..

ابھی لے کر جاؤں گا تو اُس دن لے کر اؤں گا ..آپ کی بہن کے تیور نہیں ہیں جانے کے..

ہوش آتا ہے تو کنڈیشن دیکھتے لے جانا ..غصے میں ہے چلی جائے گی ..آگے اپنی خیر منانا ..شاید یہ سب کر کے ہی وہ احسان کے دکھ سے نکلے ..تم سے جھگڑے اور دل کا غبار نکالے..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ذیشان اور اسد باتیں کر رہے تھے کہ حاشر ناک کرتے دروازے پر ہی کھڑا رہا

...آؤ حاشر

ذیشان کے کہنے پر حاشر دروازہ بند کرتے اندر آیا

...کیا ہوا بیٹھو

نہیں بھائی مجھے آپ سے بات کرنی تھی ..کچھ دنوں سے موقع نہیں مل رہا تھا

..میں چلا جاتا ہوں

..اسد کھڑا ہوتے بولا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آپ جائیں نا جائیں آپ کی مرضی ہے ..کندھے اچکاتے باور کروایا گیا..

حاشر...!!

ذیشان نے ٹوکا..

انا اپی جب تک ٹھیک نہیں ہو جاتیں تب تک ادھر ہی رہیں گیں اگر آپ کو کوئی پریشانی ہے تو میں اور صفا اُنہیں لے کر اپنے گھر واپس چلے جاتے ہیں لیکن وہ اس شخص کے ساتھ زیادہ تکلیف میں ہیں ..پہلے وہ روتی نہیں تھیں اور اب وہ چپ نہیں کرتیں .. تین دن میں وہ کیا ہو گئ ہیں آپ سے چھپا نہیں ہے ..جب تک بخار نہیں اُتر جاتا میں اُن کو جانے نہیں دوں گا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

حاشر اسد کی موجودگی فراموش کیے بول رہا تھا اور اسد سے احساس توہین سے وہاں رکنا مشکل ہو گیا پھر بھی وہ ضبط کیے بیٹھا رہا..غصے سے مٹھیاں زور سے بند کر لیں تھیں ..حلیمہ بیگم نے صحیح کہا تھا اُس تک پہنچنے میں بہت مشکلات کا سامنا کرنا پڑے گا اور شروعات ہو چکی تھی اس گھر میں بہت کم لوگ اُسے پسند کرتے تھے ..نکاح پر بھی کسی نے اُسے زیادہ نہیں بُلایا تھا ..ذیشان نے ارشاد صاحب کے ساتھ مل کر سب کو منایا تھا اور مارے باندھے سب شامل ہوئے تھے ..حاشر کی ناپسندیدگی کی اُسے سمجھ نہ ائی تھی..

میں نے انا کی شادی گھر رکھنے کے لئے نہیں کی ..بلکہ زندگی کی نئی شروعات کے لئے کی ہے .. تم بھی یہاں سے کہیں نہیں جاو گے .زیادہ مسئلہ ہو رہا ہے تو بیک سائیڈ والا پورشن تیار کروا دوں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گا لیکن تم رہو گے یہیں ..اب جاؤ ..اگر انا اٹھ گئ ہے تو بتاؤ اور صفا ..صبا سے کہو کھانا لگوائے ..اسد کو دیر ہو رہی ہے

..بھائی اپی خوش نہیں ہیں ..وہ اپنی بات پر زور دیتے بولا

حاشر میں اُس کو تم سے بہتر جانتا ہوں ..جاؤ اب اور ..ہاں !!..اگر انا تمہاری اپی ہے تو یہ تمہارا بھائی ہے ..یاد رکھنا

ذیشان نے حاشر کے باہر نکلنے سے پہلے بھائی پر زور دیتے اُسے باور کروایا تو حاشر ذیشان کا لحاظ کرتے سر ہلاتا چلا گیا .. لیکن اُسے اچھا نہیں لگا تھا اُس کا ایک ہی بھائی تھا اور وہ احسان تھا ..اُس کے علاوہ کوئی اور اُس کی جگہ نہیں لے سکتا تھا.

آپ شرمندہ نہ ہو ..جب ان کی بہن منہ نہیں لگاتی یہ خاک لگائیں گے .. میں اپنے آپ کو سب حالات کے لئے تیار رکھتا ہوں .. کہیں سے بھی کوئی گولا باری کر سکتا ہے ..اپنا کیا ہی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بھگت رہا ہوں ..اسد کی بات سن کر ذیشان کا قہقہہ بے ساختہ تھا ..احسان بھی ایسی ہی ہانکتا تھا ناچاہتے ہوئے بھی احسان مسکرا دے..

میں احسان نہیں بن رہا ..اسد ہوں اور اسد کو ہی نکھاروں گا ..

احسان جیسا نہیں بن سکتا میری اپنی پہچان ہے..

ذیشان نے اسد کی بات سنتے فون کو دیکھا اور سائلنٹ پہ لگا دیا وہ بعد میں کال بیک کا ارادہ رکھتا تھا ..پھر اسد کو تھم دیکھا کر بیسٹ آف لک ان فیوچر کہتا مسکرا دیا

نہیں مانے بھائی ...امان حاشر کو باہر اتے دیکھ بے تابی سے اُس کی طرف بڑھتے بولا..

بھائی پر پتا نہیں اُس نے کیا جادو کر دیا ہے...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نا میں سر ہلانے وہ بیزاریت سے بولا تو امان نے ہاتھ کا مکا بنا کر دوسرے ہاتھ کی ہتھلی پر مارا اور منہ کے زاویے بگاڑنے سوچنے لگا..

بھائی کچھ چھپا رہے ہیں ...ورنہ بھائی انا کی شادی اتنی جلدی نہیں کر سکتے تھے..

امان بول ہی رہا تھا کہ لدے پھدے عادی کو چھپتے چھپاتے کمرے میں جاتے دیکھا...

اوئے کیا چھپا کر لے کر جا رہے ہو کمرے میں..

امان اُس کے سر پر پہنچتے دانت کچکچاتے بولا تو عادی ڈر گیا..

بھائی کیا ہے ...آپ کی اولاد سے چیزیں چھپا کر لے جا رہا ہوں .. ساری چاکلیٹس چپس ختم کر دیتے ہیں نا جانے انہیں کس نے میرے سیکرٹ دراز کا بتایا تھا جب بھی لاتا ہوں یا تو دیکھ کر مانگ لیتے ہیں یا چپکے سے ساری کھا جاتے ہیں مجھے رات کو کیس اسٹڈی کرتے بھوک لگتی ہے..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ بھی امان کی گھوریوں کو نظر انداز کرتے دانت پیستے اکتا کر بولا تو حاشر بے ساختہ مسکرا دیا..

ایک دفعہ اس نے اور عامر نے مل کر احان کا اچھا خاصا خرچہ کروا دیا تھا ان اسنیکس کی ہی وجہ سے .
بچارے نے انا اپی کے ڈر سے کر تو دیا..بعد میں میرے کندھے پر سر رکھ کر دکھرا رویا تھا..احان کو یاد کر کے تینوں ہی افسردہ ہو گئے تھے..

حانی بھائی بیسٹ بھائی ہیں ہمارے وہ جان بوجھ کر تنگ کرتے تھے جب بھی میں ناراض ہوتا تھا شاپر بھر بھر کر میرے لئے چیزیں لاتے تھے اور پھر ہم مل کر کھاتے تھے...عادی کی بولتے بولتے آواز میں نمی گھل گئ تھی پھر فوری حاشر اور امان کے ایک ساتھ گلے لگ گیا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یار میں نے اپنے بچوں کو بتایا تھا جب کہیں سے کچھ نہ ملے تو عادی چاچو کے روم میں چلے جانا وہاں کھانے کا سارا اسٹاک ہوتا ہے ..امان ماحول کو خوشگوار کرنے کے لئے ..شرارت سے بولا تو وہ دونوں بھی ہلکا سا مسکراتے الگ ہوئے

ہاں اگر رات میں زیادہ ہی کوئی بھوک لگتی ہے اور کوئی بنا کر دینے والا نہیں ہے تو کیوں ناں بنانے والی لے ائیں..

ھائے بھائی مجھے شرم ا رہی ہے ..عادل دانتوں کی نمائش کرتے ایکٹینگ کرتے بولا.

ا ہی نہ جائے تمہے شرم..

امان ہاتھ نچا کر تھپکی لگاتے بولا..

میں چلا روم میں .. کیچن میں بچوں کا سامان لا کر رکھا ہے..جائیں وہ دیں..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عادی اچانک بچوں کی آواز سننے بولا وہ اس طرف ہی ا رہے تھے اس لئے عادی جلدی سے کمرے میں گھس گیا کہیں ..وہ یہ سب دیکھ کر حملہ ہی نہ کر دیں

یہ نہیں سدھر سکتا...امان اس کی حرکتیں دیکھ کر نہ .. میں گردن ہلاتے بولا

فاطمہ اور فدی انا کے ساتھ چلے گئے تھے فاطمہ تو پہلے ہی جانا چاہ رہی تھی پھر اسد نے کہا کہ وہ حانی کو بھی لے کر جانا چاہتا ہے اب وہ اُس کی بیٹی ہے تو اسلم صاحب نے فاطمہ کو کچھ دن وہاں رہنے کا کہتے حانی کو بھی بھیج دیا ..انا کا بخار ابھی اُترا نہیں تھا اس لئے وہ اسد کے گھر جاتے کمرے کو لاک کر کے لیٹ گئ اور میڈیسن لینے کی وجہ سے جلد ہوش سے بیگانہ بھی ہو گئ ..کچھ یہ دو دن سے رونے کا اثر بھی تھا کہ وہ بوجھل دماغ کو سکون چاہیئے تھا سو نرم گرم بستر ملتے وہ نیند

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کی وادیوں میں اُتر گئ یہ بھی محسوس نہ کر پائی کہ وہ کسی اور کے کمرے میں ہے..

دیکھ لو آج پھر میں اپنے ہی کمرے سے باہر گدھا بنا کھڑا ہوں..

لاکڈ دروازے کو دیکھتے وہ فاطمہ کو جتاتے بولا تو فاطمہ مسکراتے ہوئے کندھے اچکاتی بچوں کو لے کر اپنے پہلے والے کمرے میں چلی گئی..پلر کی اوٹ میں کھڑی آنیسہ نے یہ منظر دیکھ کر نفرت سے فاطمہ کو دور جاتے دیکھا اور کھڑی اسد کو دیکھتی رہی جو سر کھجاتے اندر جانے یا نہ جانے کی کشمکش میں کھڑا تھا ڈوبلیکیٹ چابی تھی اُس کے پاس .. لیکن وہ یہ سوچ رہا تھا اندر جانا مناسب ہے کہ نہیں .. کہیں وہ تھپڑ ہی نہ مار دے . یہ سوچتے اُس کا ہاتھ بے ساختہ گال پر گیا اور سوچتے دلکشی سے مسکرا دیا.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

عامر کو ڈیوٹی سے ائے ابھی تھوڑی دیر ہی ہوئی تھی ایک ایمرجنسی کی وجہ سے وہ رات کے ایک بجے گھر لوٹا تھا اور اتے ہی سونے کے لئے لیٹ گیا فریش ہونے کی زحمت بھی نہ کی تھی ابھی اُس کی آنکھ لگی ہی تھی کہ اُس کا موبائل بجنے لگا .. بدمزہ ہوتے آنکھیں مسلتے اُس نے اسکرین پر نام دیکھا تو جھٹ سے پوری کی پوری انکھیں کھل گئیں ..

اسلام علیکم .. کیا ہوا پرنیاں سب خیریت ہے ..

وہ وہ اجی پتہ نہیں کہاں ہے .. ابھی تک گھر نہیں ائی . مجھے بہت ڈر لگ رہا ہے .. اب تو بابا بھی نہیں ہیں ..

اچھا رو مت .. میں فون کرتا ہوں ..

نہیں میں فون کر کر کے تھک گئ ہوں لیکن نمبر بند ہے .. لڑ کر گئ ہے وہ ..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..اچھا رونا بند کرو ... میں دیکھتا ہوں ..عامر سر کو دباتا بولا

پلیز ...مجھے اکیلے گھر میں ڈر لگ رہا ہے ...میری بہن کو لے
..ائیں

..میں کرتا ہوں کچھ ...فکر نہ کرو وہ اجائے گی میں آتا ہوں

جلدی سے کہتے فون بند کر کے اُس نے شرٹ پہنی دوسری طرف لیٹا عادی تھوڑی سی انکھیں کھولے ساری کاروائی دیکھ رہا تھا اور منتظر تھا کب وہ اُسے مخاطب کرے کیوں کہ عادی کے ..بغیر یہ کام معمکن نہ تھا

عادی اٹھ ...اوئے عادی ..اُٹھ ناں ..عامر نے اُسے پورا ہی جھنجھوڑ ..دیا

کیا افت اگئ ..مرا نہیں ہوں میں ..پورا جسم ہلا دیا ہے ..نیند .میں خلل پڑنے کی ایکٹینگ کرتا وہ خفگی سے چیخا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

یار پری کا فون ایا ہے ..اجیہ پتہ نہیں کہاں چلی گئ ہے ..وہ بہت ڈر رہی ہے اکیلے..وہ کبھی اکیلی نہیں رہی..عامر متفکر سا بولا.

فکر نہ کر اُس کی بہن کو کہہ کہیں ڈاکا مارنے گئ ہو گی اجائے گی ..اتنی بہادر بہن کی اتنی ڈرپوک بہن ..

عادل لاپرواہی سے کہتا دوسرا تکیہ منہ پر رکھتا سونے کی ایکٹینگ کرنے لگا اندر وہ بے چین بھی تھا کہ کہاں گئ ہو گی ..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک ایک لفظ وہ ٹھہر ٹھہر کر بولتے ہانپ گئ تھی دل چیخ چیخ کر کہہ رہا تھا رُک جاؤ لیکن وہ اپنے دل کو تھپکتی اپنی خواہش اور خوشیوں کا گلہ گھنٹتی مڑی اور لمبے لمبے ڈگ بھرتی فدی کے نزدیک چلی ائی فاطمہ کے جانے کے بعد ذیشان پلٹا اور بنا کسی تاثر کے فاطمہ کو دیکھنے لگ گیا جس نے گارڈ کو بھیج کر کواٹر سے ڈرائیور کو بلوایا اور گاڑی میں بیٹھ کر چلی گئ ..ایک تلخ مسکراہٹ ذیشان کے ہونٹوں پر اکر معدم ہوئی تھی..

شانی بھائی ..فاطمہ کہاں گئ ہے..

حواس باختہ سی عائشہ پانی کا جگ ہاتھ میں لیے باہر ہی ارہی تھی کہ ذیشان کو اندر آتے دیکھ کر بولی..

"مجھے ٹھکڑا کر اپنی دنیا میں چلی گئ ہے".

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..نرمی سے بتا کر چلتا بنا

..عائشہ کی جگہ پر گرفت مضبوط ہوئی

..عاشی مجھے اُٹھا دیتی ..کیوں گئ نیچے پانی لینے

امان فون کہاں ہے ..؟؟

.امان کی بات اگنور کرتے عائشہ فون ڈھونڈتے بولی

.وہ کارنر پر چارج پر لگائیں ہیں دونوں ..تم چارج ہی نہیں کرتی

..امان کے بتانے پر وہ فوری لپکی

..آرام سے یار کیا ہو گیا ہے ..اپنی حالت کا خیال کرو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..امان اس وقت میرے سے زیادہ فاطمہ اہم ہے

"فاطمہ کہاں جا رہی ہو ..؟؟

..امان سے کہتے اُس نے فاطمہ کا نمبر ملایا اور بے تابی سے پوچھا

..پتہ نہیں بھابھی

..ڈرائیور بھی یہ ہی پوچھ رہا ہے

..کھوئے انداز میں بتایا گیا

..انا کی طرف چلی جاؤ

بھابھی وہاں نہیں جا سکتی . میں اور میرا بیٹا بوجھ نہیں ہیں کسی پر...

فاطمہ کی بات سنتے عائشہ نے فون بند کیا اور انا کا نمبر ملایا..

..عاشی بیٹھ جاؤ .. تمہاری طبیعت بگڑ جائے گی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..نہیں امان مجھے انا سے بات کرنی ہے

انا کی ابھی روتے روتے آنکھ لگی ہی تھی کہ فون کی چھنگاڑنے پر کھل گئ کچی نیند سے جاگی تو آنکھوں کی جلن میں اضافہ ہو گیا.

!!..ہاں عاشی بولو

..پھر کچھ یاد آگیا

کرب سے پوچھا گیا لیکن عائشہ کی بات سن کر اُس کے سارے حواس بحال ہو گئے تھے..

..اچھا فکر نہ کرو میں کرتی ہوں بات ..بتاتی ہوں تمہے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بازوؤں پر زور ڈالتے اُس نے اپنے دکھتے وجود کو اُٹھایا اور کمرے میں نگاہ ڈورانے لگی .. آج تو میں نے دروازہ کُھلا رکھا تھا پھر یہ اندر کیوں نہیں آیا..

شاید بندروں والے کرتب پسند ہیں اسے .اسی لئے بندریوں کی طرح اُچھلتا کودتا کمرے میں گھستا ہے .عزت راس ہی نہیں ہے اسے"

انا منہ میں بُڑبُڑاتے اُٹھتے باہر جاتے بول رہی تھی ..ہر طرف سناٹا تھا .. گھر میں مدہم لائٹوں کا راج تھا اس وقت.

کیا کروں..

کہاں ہو گا اب یہ..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہ گھر میں بُلاتی بُلائی پھرتی بولی ..وہ کبھی اپنے کمرے کے علاوہ کسی اور کمرے میں نہیں گئ تھی کبھی اسی لئے اس وقت سوچ رہی تھی کہ اسد کہاں ہے اور حلیمہ بیگم کا کمرہ کونسا ہے..

اللہ مدد..

اوپر کو سر اٹھائے وہ اللہ سے التجا کر رہی تھی کہ اُسے اوپر والے پرورش کے آخری کونے والے کمرے سے تھوڑی گہری روشنی نظر آئی ..ایک اسیکنڈ کی بھی دیر کیے بغیر وہ اوپر کو بھاگی .. کمرے تک پہنچتے اُس کا سانس پھول چکا تھا ..نومبر کے آخری دن تھے تو رات کو کچھ زیادہ ہی سرد ہوائیں چلتی تھیں جس کی وجہ سے سردی کا احساس ہوتا تھا لیکن اس وقت انا بنا کسی گرم چیز سے خود کو کوور کیے بغیر ہر چیز سے بیگانہ بکھرے الجھے بالوں کے ساتھ دروازہ دھکیل کر اندر داخل ہوئی اسد نے جھٹکے سے لیپ ٹاپ پر سے سر اُٹھا کر اُسے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

دیکھا حانی اُس کی گود میں ہی سوئی ہوئی تھی اسد ٹانگیں ٹیبل پر پھیلائے ایزی ہو کر کام کر رہا تھا انا کو آتے دیکھ اور اُس کی حالت دیکھ کر وہ ٹھٹک گیا

..سنو...اپنے نمبر سے فاطمہ کو فون کرو

.گہرے گہرے سانس لیتی وہ بے ربط الفاظ میں بولی

آنکھیں کیوں پھاڑ رہے ہو ..فاطمہ کو کال کرو اور اُسے کہو جہاں بھی ہے سیدھی ادھر آئے ..اپنی بات پر زور دیتے وہ ضدی لہجے میں .بولی اسد ہنوز ابھی بھی پہلے والی پوزیشن میں ہی تھا

"فون کہاں ہے تمہارا...؟؟"

ڈیم ایٹ ..ٹائم ویسٹ کیوں کر رہے ہو ..؟؟

..اُس کی فائلوں میں سے فون ڈھونڈتی پریشانی سے بولی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

شکر .. یہ لو اُسے فون کرو .. گھر بُلاؤ ..لاوڈ اسپیکڑ آن ہے ..اُسے اپنے بھائی اور اس گھر پر اُس کے حق کا احساس اور یقین دلاؤ .. پلیز ..بات کرو اُس سے ..بس مجھے وہ اس گھر میں چاہیئے.

اپنے ہاتھ سے اسد کے ہاتھ پر فون رکھتے بولی وہ یہ بھی محسوس نہ کر پائی کہ اُس نے خود اُسے چھوا ہے وہ فاطمہ کی وجہ سے سب بھولی ہوئی تھی ..اسد نے میکانگی انداز میں سر ہلاتے اوکے کہا.

"بی بی جی کہاں جانا ہے ..؟؟؟"

..ڈرائیور نے کوئی چوتھی بار پوچھا

اگر میں اسد کی طرف گئ تو انا کو سب بتانا پڑے گا . کہیں اور جاؤں ..اپنی دوست کی طرف چلی جاتی ہوں .وہ اسی شش و پنج میں تھی کہ اسد کی کال آتے دیکھ کر وہ چونکی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اسے کیا کام پڑ گیا ..؟؟"

.خود کلامی کرتے اُس نے فون اُٹھایا

اسد خیریت ہے اتنی رات کو کال کی ..؟؟

"تم بتاؤ کہاں ہو ..؟؟"

..انا کے اشارے سے پوچھا گیا سوال اسد نے کیا

..میں وہ ..میں وہ

کیا میں وہ ..جہاں بھی ہو گھر آؤ ...تمہاری بہن پلس بھابھی صاحبہ نے ناک میں دم کیا ہوا ہے میرے ..اسد انا کو دیکھے بغیر بولا انا نے اپنا سر پیٹ لیا اور دانت پر دانت ..جماتے قہر برساتی نظروں سے گھورا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں تم ابھی ادھر آؤ ...مجھے کچھ نہیں پتہ .. میں اُسے ہینڈل نہیں کر سکتا..گھر سر پر اُٹھایا ہوا ہے اُس نے ..اسد نے کچھ ..اس انداز سے کہا کہ فاطمہ کو ماننے ہی پڑی

فون بند ہوا تو انا حانی کو اُٹھائے اُس پر ایک سلگتی نگاہ ڈال کر پلٹ گئ.

اگر میں ایسا نہ کہتا تو وہ کبھی نہ مانتی..اُس نے ناچاہتے ہوئے بھی صفائی پیش کی تھی

".. اب مرو پھر یہیں"

چباتے ہوئے غصیلے لہجے میں مڑے بغیر بولا گیا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اگر میں مر گیا تو تمہارا بھائی تمہاری شادی کسی اور سے کروا دے گا جو مجھے مر کر بھی برداشت نہیں ہو گا اب تمہارا نام آخری تمہاری آخری سانس تک میرے ساتھ رہے گا.

"آخری سانس تک"

وہ سختی سے باور کروا گیا تھا لیکن انا کو کسی تیر کی طرح چبھا تھا اُسے لگا اسد نے اُس پر طنز کیا ہے ذیشان نے ہی شادی کی آفر کی ہو گی تبھی یہ اتنا اترا کر بول رہا ہے یہ سوچ ہی انا کی روح لرزانے کے لئے کافی تھی وہ اتنی بڑی مصیبت تھی کہ اُس کے بھائی کو اُسی کے دشمن کو سونپنا پڑا..انا نے مڑ کر سہمی ہوئی نظروں سے دیکھا اور پھر حانی پر گرفت مضبوط کرتے بھاگنے کے انداز میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

وہاں سے نکلی تھی اُس کا دم جو گھٹ رہا تھا اسد حیرت سے
..اُسے دیکھتا رہ گیا

اسے کیا ہوا ...؟؟

"شیرنی مجھ سے ڈر گئ کیا ..؟؟"

شاید کچھ یاد آ گیا ہو گا..احسان کی یادیں بھلانا اتنا آسان نہیں. .
لیکن ایک نا ایک دن میری بھی یادیں بنیں گیں ..تھک کر
دوبارہ صوفے پر بیٹھتا ایک عزم سے بولا ..وہ فاطمہ کو
.فراموش کر چکا تھا اُس کے حواسوں پر صرف انا کی حکمرانی تھی

انا حانی کو کمرے میں لیٹا کر باہر نکل آئی تھی اور اب فاطمہ
کے آنے کا انتظار کر رہی تھی..پہلے کی طرح اب بھی اپنے آپ
.سے بیگانہ تھی .گارڈ اپنی نئ بی بی پر ایک نگاہ ڈال کر سر جھکا گیا تھا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.انا کو اپنا ہوش ہوتا تو کچھ سمجھتی

اتنی بھی بے پرواہی اچھی نہیں ہوتی شیرنی .. کوئی بھی مرد گوارہ نہیں کرتا اُس کی بیوی ادھی رات کو کھلے آسمان کے نیچے ستاروں کے جھرمٹ میں اس طرح کھڑی ہو . یہ اُڑ لو ... میں نہیں چاہتا بعد میں تم اپنی انہیں لاپراہیوں کی وجہ سے پچھتاؤ..

اسد اپنے آپ پر ضبط کرتے کرتے بھی تھوڑا سخت ہو گیا تھا وہ کمرے میں گیا تو انا کو وہاں نا پا کر ڈھونڈنے نکل آیا اب اُسے پورچ میں کھڑے دیکھ کر دوبارہ کمرے سے شال لا کر کہتے خود ہی اُس پر اُڑ چکا تھا انا کو بھی اپنی سچویشن کا احساس ہوا تو بنا کچھ کہے اندر چلی گئی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پانچ منٹ بعد ہی فاطمہ اندر آتی نظر آئی ..فدی کچی نیند میں جھولتا فاطمہ کے ساتھ لگا ہوا تھا پیچھے اسد سوٹ کیس لیتے ارہا تھا..

فاطمہ ساری زندگی رہنے اگئ ہو کیا..

وہ کچھ بھی نہیں جانتا تھا اس لئے اپنی ہی جون میں شرارت سے بولا فاطمہ چپ ہی رہی وہ اُسے کیا بتاتی اُس پر کیا بیت رہی ہے.

انا سے نظریں چُراتے وہ فدی کو لیے اپنے کمرے میں چلی گئ تب اسد ٹھٹھکا تھا

مطلب کچھ ہوا ہے ..اسی لئے انا اتنی بے چین تھی.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سیڑھیاں چڑھتے وہ خود کلامی بولا.

عاشی فاطمہ اگئ ہے .. فکر نہ کرو .. صبح سب کو کہہ دینا میری طبیعت خراب تھی اسی لئے اسد نے بُلایا تھا اور ہاں !!.. کسی کو ملنے نہ آنے دینا .فلحال میں کسی کو فیس نہیں کر سکتی تو فاطمہ بھی نہیں کرے گی...

".. اوکے .خیال رکھنا"

انا عائشہ سے بات کر کے پلٹی ہی تھی کہ اپنے پیچھے کھڑے اسد کو دیکھ کر مٹھیاں بھینچ گئ .. جو شاید کافی باتیں سن چکا تھا.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کچھ ہوا ہے کیا ..؟؟"سنجیدگی سے پوچھا گیا"

نہیں ..اپنے کام سے کام رکھو ..

..وہ ٹکا سا جواب دے کر فاطمہ کے کمرے میں گھس گئ

اپنے سارے کام نکلوا کر میں اپنے کام سے کام رکھوں ..امپریسو مسز ..
آپ کی کیا ہی بات ہے آپ کی بے رخی بھی شریں کی طرح
لگتی ہے .تمہارے منہ سے اپنا نام کتنا اچھا لگتا ہے .. لیکن
ابھی یہ سوچنے کی بات ہے فاطمہ اس وقت ایسے کیوں .؟؟

وہ پرسوچ نگاہوں سے فاطمہ کے کمرے کے بند دروازے کو دیکھ رہا
تھا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..جی صاحب جی .. گڑیا بیٹیا کی طرف چھوڑ کر آیا ہوں

ذیشان نے ڈرائیور کی بات سن کر فون بند کر دیا اور اطمینان سے آنکھیں موند گیا وہ راکینگ چیئر پر جھول رہا تھا وہ کوئی دل پھینک مرد نہیں تھا کہ کسی بھی لڑکی کو اپنی زندگی میں شامل کر لے. فاطمہ کو شامل کرنے کی دو وجہ تھیں .پہلی فدیان جس کو وہ اپنا بیٹا کاغذی طور پر بھی بنانا چاہتا تھا دوسری وجہ نسیمہ بیگم کا پریشر تھا وہ کب سے ذیشان کے پیچھے پڑی ہوئیں تھیں کہ فاطمہ کو اپنا لو..مجھے تمہارا وارث بھی چاہیئے..فدی کو روک لو ورنہ تمہارے چاچو فاطمہ کی شادی کہیں اور کروا دیں گے ."بیٹیاں ساری زندگی گھر نہیں رکھی جاتیں"میں اپنے جہان کی نشانی خود سے دور نہیں کر سکتی .

ذیشان اپنی ماں اور چچا میں پھنس گیا تھا .آج فاطمہ جس طرح اُسے انکار کر کے گئ تھی وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا وہ ایسا کرے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

گی ایک طرح اُسے دلی خوشی بھی ہوئی تھی..فاطمہ پہلے جیسے بلکل نہیں رہی تھی.

"ذیشان آپ ابھی تک جاگ رہے ہیں ..؟؟"

صبا اُٹھی تو اُسے ذیشان راکنگ چیئر پر بیٹھا آنکھیں موندیں نظر آیا..اُٹھ کر اُس کے نزدیک جاتے نرمی سے اُس کے کندھے پر ہاتھ رکھتے استفسار کیا گیا.صبا کے پوچھنے پر پٹ سے اُس نے آنکھیں کھول دیں.

"انا کو یاد کر رہے ہیں .؟؟"

تلخی سے پوچھا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں ..یاد اُنہیں کیا جاتا ہے جو بھولے ہوئے ہوں اور وہ ہمیشہ مجھے یاد رہے گی ..ناراض ہے ..ایک دن خود ہی اکر گلے لگ جائے گی .. ساری ناراضگی اُس کی خود ساختہ ہے خود ہی ختم کرے گی.

" ان شاء اللہ"

صبا نے پھیکی سی مسکراہٹ ہونٹوں پر لائے کہا.

آپ کی بیٹی نے آج ایک کارنامہ انجام دیا تھا ..مجھے آپ کو بتانے کا موقع ہی نہیں ملا..

صبا بات کو ٹول دینا چاہتی تھی اس لئے پاس رکھی کرسی پر بیٹھتے بتانے لگی.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

بچیوں کا خیال رکھا کرو . کسی قسم کی کمی نا ہونے دو میری بیٹیوں کو ..
یہ سب انہیں کا تو ہے ..پتہ بھی نہیں چلے گا اتنی جلدی بڑی ہو
جائیں گیں اور اپنے اپنے گھر کی ہو جائیں گیں ..بس ان کے
نصیب میں کوئی غم نہ ہو ..میں ہر وقت یہ ہی دعا کرتا
ہوں.

دونوں ہاتھ باہم ملائے وہ سوچتے ہوئے بتا رہا تھا ..اور پھر دونوں نے
یک زبان امین کہا.

صبا تم بہت اچھی ہو . کبھی زندگی میں میری رفاقت پر شک
مت کرنا , میں جانتا ہوں میں اپنے گھر والوں کو تم پر فوقیت
دے جاتا ہوں لیکن اپنی بیٹیوں کے معاملے میں ایسا نہیں ہو
گا ..ایک اچھی بیوی ہونے کے ناطے تھوڑا سیکریفائیز کر لینا ..
میری یہ خامی میں چاہ کر بھی ختم نہیں کر پاتا .. میں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنے بارے میں کبھی نہیں سوچا ..ایک بار سوچا تو تمہے اپنی زندگی میں شامل کر لیا تھا..

آپ ایسی باتیں کیوں کر رہے ہیں..ہاں کبھی کبھی صرف آپ کے اور اپنے بارے میں سوچتی ہوں تب میں آپ کی ذمہ داریاں جان بوجھ کر نہیں سمجھ پاتی تھی لیکن اب ایسا نہیں ہو گا .. میں آپ کی ہر ذمہ داری ,ہر فیصلے اور ہر کام میں آپ کے ساتھ ہوں گی.

ذیشان کا ہاتھ تھامتے ایک جذبے سے عہد کیا گیا تھا .

ذیشان نے ہاتھ بڑھا کر کھڑے ہوتے اُسے اپنے سینے سے لگا لیا وہ تھکنے لگا تھا اور جانتا تھا یہ تھکن اُس کی شریک حیات کے علاوہ کوئی نہیں اُتار سکتا تھا.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاطمہ بیڈ کراؤں سے ٹیک لگائے چپ بیٹھی اپنی الجھنوں میں کھوئی ہوئی تھی اور انا اُس کے سامنے صوفے پر سر ٹکائے سوچ میں گم تھی کتنی ہی دیر ایسے ہی گزر گئی تھی دونوں کے بیچ خاموشی کا راج تھا رات آہستہ آہستہ بیت رہی تھی دونوں کی انکھوں میں نیند کا شائبہ تک نہ تھا دونوں ہی ایک شخص کے بارے میں سوچ رہی تھی بس سوچنے کا انداز مختلف تھا .اس خاموشی کو انا کی مدہم .دکھ بھری آواز نے توڑا

" میرا اور اپنا فرق واضح کر دو ,دنیا والوں پر"

" میرے بھائی سے شادی کر لو"

انا کی بات سن کر فاطمہ کرنٹ کھا کر سیدھی ہوئی اور دھندھلاتی نظروں سے اُسے دیکھا اب انا کی نظریں بھی

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاطمہ کی نظروں سے ملیں اور وہ کھوکھلی ہنسی ہنس دی جسے خود پر ہی ہنس رہی ہو..

میں وہ گھر ہمیشہ کے لئے چھوڑ کر آئی ہوں تمہارے بھائی کے علم میں اضافہ کر آئی ہوں اور تم کہہ رہی ہو میرے بھائی سے شادی کر لو..

جانتی ہوں میں میرے اور تمہارے رشتے میں فرق ہے تمہے وہ اپنے سر انکھوں پر بیٹھاتے ہیں اور مجھے اپنے پیروں کی جوتی بھی نہیں سمجھتے..پھر میں کون ہوتی ہوں اپنا اور تمہارا فرق واضح کرنے والی .اُس کا بات کرتے جسم لرزنے لگ گیا تھا آنسو تواتر سے اُس کا چہرہ بھگو رہے تھے اور وہ اپنی بھیگی آنکھیں سے ہی انا سے استفسار کر رہی تھی کچھ دیر کے لئے تو انا کی بھی بولتی بند ہو گئ تھی .. زبان جسے لفظوں کا ساتھ دینے سے انکاری تھی.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

کیوں نہیں کرنا چاہتی میرے بھائی سے شادی..؟؟ جس کو دل کے کونے میں قید کر کے رکھا ہے آج اُسے ہی اپنانے سے انکاری ہو..

انا پلیز ... میں سب بھول چکی ہوں .. لیکن وہ میرا لگایا گیا بہتان نہیں بھولے . میں جانتی ہوں . آج بھی اُن کی آنکھیں میں میرے لئے چبھن ہے.

بے بسی سے بتایا گیا.

بھائی نے کبھی تمہے نفرت کی نگاہ سے نہیں دیکھا .. جہان بھائی نے جب تمہارے ساتھ شادی کا اعلان کیا تھا تب بھائی ہی اُن کے ساتھ کھڑے تھے . میں انگیجڈ تھی لیکن عائشہ نے سب بتا دیا تھا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

فاطمہ یہ بات دل سے نکال دو بھائی تم سے نفرت کرتے ہیں وہ اُس بُری فاطمہ سے نفرت کرتے تھے جو اُن کی گڑیا کو تنگ کرتی تھی اُسے ٹارچر کرتی تھی لیکن جب وہ فاطمہ اچھی بن گئ اُن کی گڑیا سے پیار کرنے لگ گئ اُس سے بے تکی نفرت ختم کر دی تو بھائی نے بھی اپنے دل سے سارے شکوے کدورتیں نکال دیں تھیں.

انا میں پھر بھی تمہارے بھائی سے شادی نہیں کر سکتی . تم کیوں نہیں سمجھ رہی .. صبا جیتے جی مر جائے گی .. میں اُس پر یہ ظلم نہیں کر سکتی.

فاطمہ آنسو پونچتے اٹل لہجے میں بولی تو انا اُٹھ کر اُس کے نزدیک اکر بیٹھ گئ.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک بار میں نے بھائی سے کہا تھا فاطمہ سے شادی مت کرنا وہ آپ کو ہم سے چھین کر دور لے جائے گی ,آج میں تم سے کہہ رہی ہوں بھائی سے شادی کر لو ورنہ صبا بھابھی بھائی کو ہم سب سے دور لے جائیں گیں وہ ہم میں سے کسی سے پیار نہیں کرتیں وہ صرف بھائی سے اور اپنی بیٹیوں سے پیار کرتی ہیں. عائشہ اور صبا بھابھی پر تم نے کبھی غور کیا ہے وہ کتنی کھنچی کھنچی ہیں ایک دوسرے سے ,بات بھی نہیں کرتیں کیوں کہ عائشہ کو پتہ چل گیا ہے لیکن وہ کسی کو کچھ نہیں بتانا چاہتی اس طرح گھر میں لڑائی ہو گی جس سے سب دور ہوتے جائیں گے .. میں اپنا نہیں سوچ رہی میں تمہارا ,بھائی کا ,بڑی ماما کا سب کا سوچ رہی ہوں .. بھائی نے تم سے شادی کا فیصلہ کچھ سوچ کر ہی کیا ہے.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج سے میری بھی یہ ہی خواہش ہے کہ تم اور بھائی ایک ہو جاؤ ..پلیز اس طرح میرا اور تمہارا فرق واضح ہو جائے گا . میں سکون سے جی سکون گی

ورنہ میں اندر ہی اندر مرتی جاؤں گی ..اگر احسان ہوتا کبھی ہم دونوں کے لئے اتنا مشکل وقت نہ آنے دیتا ."یہ ہی تو بات ہے اب وہ نہیں ہے.."

انا بولتے بولتے التجا پر اُتر آئی تھی اور آخر میں فاطمہ کے ہاتھوں پر اپنا سر رکھ کر سسکنے لگ گئ

¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

انا بولتے بولتے التجا پر اُتر آئی تھی اور آخر میں فاطمہ کے ہاتھوں پر اپنا سر رکھ کر سسکنے لگ گئ فاطمہ تو دم سادھے انا کے کہے گئے الفاظ پر ٹھہر سی گئ تھی آنکھیں کیا دل بھی ساکت تھا.

فاطمہ!!...پلیز ... میں جانتی ہوں میں اس میں میرا ہی مفاد ہے

انا کی لرزیدہ آواز فاطمہ کے کانوں میں پڑی..

نہیں انا !!...کبھی نہیں..

فاطمہ جھٹکے سے اُٹھ کر دو قدم پیچھے ہٹی انا نے دھندھلاتی آنکھوں سے فاطمہ کو دیکھا اور باہر کھڑے اسد کے وجود میں بھی جنبش ہوئی تھی جو کب سے سکتے کی حالت میں کھڑا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تھا.مرے مرے قدموں سے چلتا وہ کمرے میں آیا اور حانی کے پاس بیڈ پر ہی لیٹ گیا جہاں کچھ عرصے سے انا نے قبضہ کیا ہوا تھا .نیند آنکھوں سے کوسوں دور تھی وہ سونا چاہتا تھا کچھ دیر لیکن !.انا کی سسکیاں اُسے سونے نہیں دے رہی تھیں اُس کی باتیں سن کر اُس کا دماغ سائیں سائیں کر رہا تھا .

انا ابھی جاؤ ..کل بات کریں گے ..مجھے کچھ وقت کے لئے اکیلا چھوڑ دو .میں بات کرنے کی پوزیشن میں نہیں ہوں ..مجھے بہن سمجھتی ہو تو مجھے سمجھ سکتی ہو.

فاطمہ سپاٹ لہجے میں بولی تو انا نے انکھوں میں اَس لیے اُسے دیکھا پھر ٹرانس سی کیفیت میں اُٹھ کر کمرے سے نکل گئی اور اپنے کمرے میں اکر کسی بھی چیز پر غور کیے بغیر بیڈ پر گر سی گئ اسد نے کروٹ بدل کر دیکھا تو دنگ رہ گیا لیکن انا رُخ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

موڑے لیٹی بے آواز رو رہی تھی اور دل صرف ایک شخص کو پکار رہا تھا "احسان"

"وہ ہوتا تو یہ سب کچھ نہ ہوتا"

کاش میں کبھی تمہاری آنکھوں میں اپنا عکس دیکھ پاؤں..جن آنکھوں میں احسان آج بھی چمکتا ہے ..کبھی میں اُس مقام پر نہیں پہنچ پاؤں گا ..

کہتے ہیں دعا سے تقدیریں بدلتی ہیں..

"میری تقدیر بھی بدلی ہے"

زندگی مشکل سے آزمائش پر اُتر آئی ہے ..کیا میں آزمائش پر پورا اُتر پاؤں گا ..یا ساری زندگی ترستا ہی رہوں گا اپنی محبت پانے کے لئے ..؟؟

بوجھل آنکھوں میں نمی لیے وہ بیڈ کے دوسرے کنارے لیٹا سوچ رہا تھا.

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

آج کی رات دونوں ہی ایک بیڈ کے دونوں کناروں پر سوئے تھے یا "
سسکے تھے وہ ہی جانتے تھے دونوں کے بیچ جانی پر سکون سوئی ہوئی تھی .

💔💔💔💔💔💔💔

ذیشان آپ کی طبیعت ٹھیک نہیں لگ رہی,افس نہ
جائیں.

صبا بیڈ کی چادر ٹھیک کرتے کن اکھیوں سے ذیشان کے زردہ پڑتے
چہرے کو دیکھتے بولی.

حاشر کے آفس جا رہا ہوں ایک اہم کانٹریکٹ سائن ہونا
ہے تو حاشر کہہ رہا تھا میں اُدھر ہی ہوں .وہ بزنس اچھے

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

سے ہینڈل کر رہا ہے لیکن !ابھی اپنا اعتماد نہیں بحال کر پا رہا .

اب میں اُسے اکیلا چھوڑ تو نہیں سکتا تھا

ذیشان کوٹ کے بٹن بند کرتا تفصیلاً بتاتا چلا گیا پیچھے صبا ٹھنڈی اہ بھر کر رہ گئ تھی..

"امی طبیعت کچھ بہتر ہوئی ؟؟"

صبا کمرے میں داخل ہوتے متفکر سی پوچھنے لگی امنہ بیگم نے سر اُٹھا کر صبا کا جائزہ لیا اور پھر آنکھیں موند گئیں.

"امی ڈاکٹر کو بُلوا لوں ..؟؟"

صبا میں ٹھیک ہوں ,پریشان نہ ہو بیٹا .صفا ناشتا کروا گئ ہے

امی آپ گم صم کیوں ہیں ..انا کی وجہ سے پریشان ہیں کیا .؟ حانی یاد ا رہی ہے ؟

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُن کے پاس بیٹھتے تشویش سے پوچھا گیا

ذیشان نے کبھی تم سے بیٹے کا مطالبہ کیا ..؟

آمنہ بیگم صبا کی بات اگنور کرتے رازدارنہ انداز میں پوچھنے لگیں صبا کو سمجھ نہ ائے کیا کہے.

امی آپ کیوں ..مطلب کیا پوچھنا چاہ رہیں ہیں.

تم سے جو پوچھا ہے وہ تو بتاؤ ..اپنی بات پر زور دیتے کہا گیا.

ایک دو بار جب میں پریگنٹ تھی اُس کے بعد نہیں..

بوجھل لہجے میں بتایا گیا.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایک بات یاد رکھنا !مرد کو بیٹیاں لاکھ پیاری ہوں جان سے "
عزیز ہوں لیکن !وہ نسل بیٹے سے ہی چلانے کا خواہش مند ہے
بیٹیاں تو اُس کا انگن سونا کر کے چلی جاتی ہیں چار دن کی خوشی دے
کر گھر کو ویران کر جاتی ہیں لیکن !بیٹے ہمیشہ ساتھ رہتے ہیں
ایک مان اور فخر ہوتا ہے وہ ہی بیساکھی بنتے ہیں گھر کو آباد رکھتے
ہیں اُس گھر کے سُونے پن کو ختم کرتے ہیں مرد کی نسل
" بیٹوں سے ہی ہے

امی یہ کیا کہہ رہیں ہیں .. میرا دل بیٹھا جا رہا ہے .. صبا
.بھرائی آواز میں بولی

"بیٹا یہ حقیقت ہے"

"یہ تلخ حقیقت میں مجھے کیوں سُنا رہیں ہیں ..؟؟"

.کھڑے ہوتے جذباتی پن سے استفسار کیا گیا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

.کیوں کہ ذیشان بھی ایک مرد ہے ..باور کروایا گیا

" .لیکن وہ سب سے الگ ہیں"

دل میں ایک مہم سی امید جاگی تھی

" ..لیکن ہے ایک مرد ہی"

امی میں بیٹا دیا تو تھا لیکن رب نے اپنے پاس بُلا لیا" ..اس میں میرا کیا قصور ؟؟ "میں نے تو بیوی کا ہر فرض نبھایا ..

.اپنے حصے کی محبت انا پر نچھاوڑ ہوتے برداشت کی

.اب سوتن بھی برداشت کر لینا ..پھیکے لہجے میں اگاہ کیا گیا

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امی انا کی تو شادی ہو گئ ..بہت سمجھا بجھا کر میں نے کروائی ورنہ ذیشان تو مان ہی نہیں رہے تھے "اپنی گڑیا رانی کو کسی اور کو سونپنے کے لئے "اب کوئی سوتن ہے ہی نہیں تو برداشت کیوں ..؟؟

انا سوتن نہیں ہے تمہاری ..بہن ہے ذیشان کی ,تمہارے محروم بھائی کی بیوہ بھی تھی .آمنہ بیگم تو ششدر تھیں صبا کے خیالات سن کر..

جو بھی تھا ..اب آپ کا یہ سب بتانے کا مقصد ..؟؟

انا نہیں ہے ..اب آئے گی بھی نہیں ..وہ ذیشان سے ناراض ہے

اچھی بات ہے آپ کو پتہ ہے اب ذیشان کی توجہ میرے اور بچیوں پر ہے .. چلتی ہو گی مرد سے نسل .پر وہ کہتے ہیں اُن کا بیٹا ہے "فدیان "اُن کو بیٹا نہیں چاہئے..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

تم جانتی ہو اُس کی توجہ اب کہاں ہے ..وہ فدیان کو ہی اپنا نام دے رہا ہے..شکستہ حال لہجے میں بتایا گیا..

امی یہ تو اچھی بات ہے ..صبا اپنی سوچ کے مطابق بولی اُس کے تو وہم و گمان میں بھی نہیں تھا ذیشان کیا سوچے ہوئے ہے..

اچھی بات ہے ..؟؟

اچھی بات ہے ..؟؟

"وہ فاطمہ سے شادی کا خواہش مند ہے."

آمنہ بیگم نے تھوڑی تیز اواز میں صبا کے سر پر ساتوں آسمان گرائے .صبا وہیں پتھر کی ہو گئ تھی ..اُس نے تو کبھی نہیں سوچا تھا کیوں کہ وہ سوچتی تھی ذیشان کو بیٹیاں بہت اچھی لگتی ہیں بیٹوں سے زیادہ وہ بیٹیوں کو ترجیح دیتے ہیں لیکن وہ یہ بھول گئ تھی کہ مرد کے دل میں بیٹے کی حسرت ضرور ہوتی ہے.

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"رات فاطمہ کس وقت آئی ..؟؟

سب ٹھیک ہے ..؟؟

..انا نے کچھ

جی مام سب ٹھیک ہے انا نے کچھ نہیں کیا ..بس اُس کا دل

..گھبرا رہا تھا تو میں فاطمہ کو لے آیا

.اسد ناشتا کرتا مصروف سے انداز میں بولا

"اب اُٹھیں نہیں ہیں کیا دونوں.؟؟"

..لگتا آج اپنی پوتی اور نواسے کو خود ناشتا کروانا پڑے گا

..وہ فدی کو حانی کے ساتھ کھیلتے دیکھ کر بولیں

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسکول بنک ہو گیا آپ کے نواسے کا اس لئے میری پرنسز کو شکایتیں لگا رہا ہے..

اسد اُن دونوں کو دیکھتے حلیمہ بیگم کو بتانے لگا.

اسد دونوں بہنوں میں کتنی چاہت اگئ ہے ایک دوسرے کے لئے".. لجاہت سے کہا گیا"..

دھیان رکھیں ان کی اولاد میں یہ چاہت منتقل نہ ہو جائے..

تو ہو جائے...اچھی بات ہے ..اس سے بڑھ کر اور کیا خوشی ہو گی ..

بس اس کے علاوہ ایک آخری خواہش تمہاری اولاد دیکھنے کی رہ گئ ہے پھر چاہے موت آجائے .. سکون سے مر سکوں گی..

حلیمہ بیگم کی بات سن کر پہلے تو اسد کو اچھو لگا پھر خفگی سے اُنہیں دیکھا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ایسی باتیں کر کے مجھے ہرٹ نہ کیا کریں ..منہ پھلائے کہا گیا..

بیٹا یہ تو سب پر آتا ہے تمہارے ڈیڈ کے جانے کے بعد تنہائی سے بہت خوف آتا تھا لیکن اب تو یہ تنہائی کا خوف اس ننھی سی پری نے ختم ہی کر دیا ہے ..بس تمہارا بچہ اپنی گود میں کھلانا چاہتی ہوں..

حلیمہ بیگم سب جانتے بھوجتے کہہ رہیں تھیں اسد نے کرب سے انکھیں میچ کر کھولیں اور خود کے اندر ہونے والی کھولن کم کرنے کی کوشش کی..

میرا فون لگتا روم میں رہ گیا ہے میں لے کر نکلتا ہوں آپ بچوں کو ناشتا کروا دیجیے گا رات انا اور فاطمہ لیٹ سوئیں تھیں..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسد بول کر پلٹ گیا حلیمہ بیگم اُس کی پیٹھ دیکھتے سوچ رہیں تھیں کہ کبھی اتنی فکر تو ماں کے لئے بھی نہیں دیکھائی جتنی بیگم کے لئے ہے"

ایک اسودہ سی مسکراہٹ اُن کے چہرے پر اکر معدم ہوئی تھی پھر اپنی توجہ بچوں پر مرکوز کر لی.

¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤

سنو !!..مجھے گھر جانا ہے..

اسد جو اپنے ہی خیال میں سائیڈ ٹیبل سے فون اُٹھا رہا تھا انا کی اواز پر پلٹ کر حیرت سے اُسے دیکھا.

تم مجھ سے پوچھ رہی ہو کہ بتا رہی ہو..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

قدم قدم چلتا اُس کی طرف بڑھتا بیڈ کے کنارے

کھڑا ہوتے نرم گرم جذبے آنکھوں میں لائے پوچھا گیا..

نا میں بتا رہی ہوں نا پوچھ رہی ہوں میں کہہ رہی ہوں مجھے گھر

جانا ہے اپنے .. کھردرے لہجے میں بتایا گیا

" تو چلی جاؤ"

وہ فوری سنجیدہ ہوتے بولا

" ..مجھے اکیلے نہیں جانا"

تو فاطمہ کو لے جاؤ ...فوری تجویز دی گئ

..فاطمہ نے ابھی نہیں جانا

..دانت کچکچاتے بتایا گیا

...اکیلی چلی جاؤ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اسد مسکراہٹ ضبط کرتا بولا وہ جانتا تھا انا اکیلے جانے سے کتراتی ہے اور صدیقی ہاؤس میں کوئی سوال جواب نہ کرے کہ اکیلی کیوں آئی..

دفع ہو جاؤ .. چلی جاؤں گی میں .. بھنا کر بولتے وہ کمبل دوبارہ منہ تک تان کر لیٹ گئ تھی اسد ابھی انسلٹ پر گہری سانس بھر کر رہ گیا ..ناجانے کتنی بار اپنا غصہ ایسے ہی لمبی سانس لے کر ضبط کرنے کی کوشش کی گئ تھی..

تین بجے تک آجاؤں گا .. کہہ کر وہ رکا نہیں لمبے لمبے ڈگ بھرتا کمرے سے نکلتا چلا گیا ..اُس کے جانے کے بعد انا نے سر سے کمبل سرکایا..

" ہونہہ ..بڑا آیا" ..ذمہ دار انسان

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اپنی مجبوری نہ ہوتی تو کبھی تمہارے ساتھ نہ جاتی . لیکن مجھے سب کو مطمعین کرنے کے لئے کرنا پڑے گا ..وہ کرب سے سوچ کر رہ گئ..

¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤

صفا لنچ دیکھ لو گی میری طبیعت نہیں ٹھیک ..اس بار تو اگلے پچھلے ریکارڈ توڑے ہیں کمزوری نے..

عائشہ نقاہت سے بدمزہ آواز میں بول کر کرسی پر ڈھ سی گئ..

بھابھی میں دیکھ لوں گی .. آپ ریسٹ کریں..بلکہ یہ جوس پییں..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے صفا تم نے نوٹ کیا ہے آرقم نائل کی طرح احساس اور عنیزے کا خیال رکھنے لگ گیا ہے ..جب ہم میں سے کوئی اس پاس نہیں ہوتا تو وہ خیال رکھتا ہے کہ کوئی چیز زمین سے اُٹھا کر منہ میں نا ڈال لیں ..شاید ڈر گیا ہے لاسٹ ٹایئم جب ملیشہ نے پنسل کا کچڑا کھا لیا تھا تو وہ کتنی بیمار ہو گئ تھی..

جی بھابھی ..وہ بدل رہا ہے .بس ذشفا کو پسند نہیں کرتا اُس سے کھینچا کھینچا سا ہے..

"..دھیان رکھنا یہ کھینچا پن کہیں نزدیکیوں کا تو سندیہ نہیں"

عائشہ صفا کی بات اچکتے شوخی سے باور کروانے لگی..

کیا بھابھی ..بچے ہیں ..حاشر زیادہ اہمیت شفا کو دیتے ہیں اسی لئے جیلس ہوتا ہے..

صفا بے دھیانی سے بولی تو عائشہ کندھے اچکا کر رہ گئ..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ویسے میں نے اپنے اس نمونے کے دنیا میں آتے ہی اپنے بچوں کے رشتے پکے کر دینے ہیں ..تاکہ بچے اُنہیں پر نظر رکھیں..ادھر اُدھر نظریں نا ماریں.پر شوق لہجے میں اپنی خواہش کا اظہار کیا گیا..

ہائے بھابھی اتنی جلدی ..؟؟

بڑے ہو کر وہ نا مانے تو ..؟؟

.ہنڈیاں میں چمچ ہلاتے حیرت سے متفکر لہجے میں پوچھا گیا

ایسے نہیں مانیں گے .. میں ٹانگیں نا توڑ دوں اُن کی .. طیش سے جتلایا گیا صفا خجل سی ہو گئ..

..مطلب آپ نے نظر رکھ لی ہے اپنی فیوچر بہو اور داماد پر

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..مجھے بھی بتائیں

بتا دوں گی ..تمہے ہی تو بتاؤں گی ..کچھ سوچتے وہ مسکراہٹ سجائے بولی اور سلاد کاٹنے لگی ..صفا کے پیٹ میں مڑور اُٹھنے لگے وہ بھی ارادہ کر چکی تھی حاشر سے اس بارے میں بات کرنے کا..

نسیمہ بیگم اور ناہید بیگم لاونج میں بیٹھیں فاطمہ کے بنا بتائے واپس جانے پر کڑھ رہیں تھیں لیکن عائشہ کے بتانے پر کہ انا کی طبیعت خراب ہو گئ تھی تو اسد لینے اگیا اُن دونوں کے تاثرات ٹھنڈے ہوئے..

ناہید آج انا کی طرف چلتے ہیں ..اتنے دن ہو گئے اپنی گڑیا کو نہیں دیکھا ..پتہ نہیں طبیعت ٹھیک ہوئی ہو گی کہ نہیں ..اپنا خیال

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

پہلے بھی نہیں رکھتی تھی اب اسد پتہ نہیں رکھتا ہو گا کہ نہیں ..

..میرا تو دل ہی نہیں کرتا اُس کو مخاطب کرنے کو

نہیں بھابھی فاطمہ بتا رہی تھی بہت خیال رکھتا ہے انا کے ذلیل کرنے کے باوجود اُس کے کھانے ,پینے ,سونے اور جاگنے کا بہت خیال کرتا ہے فاطمہ کو تو کچھ کرنے کی ضرورت ہی نہیں پڑتی ..انا کا سلوک اچھا نہیں ہے پھر بھی وہ اپنے ماتھے پر ایک بل نہیں لاتا..

.ناہید بیگم ایک جذب سے بتانے لگ گئیں

جن حالات میں شادی ہوئی ہے انا ناجانے کب قبول کرے ..وہ اتنی جلدی کسی چیز کو قبول نہیں کرتی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اللہ کرے وہ ایسا ہی رہے ..ہماری انا کا خیال رکھے گا تو ہم بھی اُس کی عزت کریں گے ناجانے شانی کو کیا نظر آیا ..نسیمہ بیگم نے کہا تو ناہید بیگم نے تاسف سے انہیں دیکھا.

بھابھی انا کے لئے اُس کے دل میں بہت محبت ہے وہ اپنی غلطی پر بہت نادم ہے گڑگڑا کر معافی تو مانگ چکا ہے ..حلیمہ بتا رہیں تھیں اُس نے سارے بُرے کام چھوڑ دیے ہیں "پانچ وقت کی نماز پڑھتا ہے"

اللہ سے اپنی خطاؤں کی معافی مانگتا ہے...کہتا ہے اگر اللہ سے معافی مانگوں گا تو اُس کے بندے بھی معاف کر دیں گے وہ راستہ ہی ایسا بنائے گا کہ بندوں کو معاف کرنا پڑے گا.

شاید اُسی معافی کا انعام ہے آج انا اُس کی بیوی ہے..

ناہید بیگم کی بات سن کر کھوئے لہجے میں وہ پھیکی ہنسی ہنستے بولیں تو ناہید بیگم بھی ہلکا سا مسکرا دیں..

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

صبا آمنہ بیگم کی گود میں سر رکھے دھواں دھار رو رہی تھی اور آمنہ بیگم میں اُسے چپ کروانے کے لئے دو بول بولنا مشکل ہو رہے تھے ..وہ دلاسہ بھی دیتیں تو کیا دیتیں..

امی ایسا نہیں ہو سکتا .. میں نے تو کبھی یہ تصور بھی نہیں کیا..ذیشان کو تو فاطمہ اچھی ہی نہیں لگتی انہوں نے تو کبھی فاطمہ کو براہ راست مخاطب ہی نہیں کیا تھا

صبا میں کیا کہوں .. میں خود نہیں سمجھ پا رہی .جب ذیشان نے مجھ سے کہا تو میں تو بولنے کے یا استفسار کرنے کے قابل ہی نہ رہی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں ابھی پوچھتی ہوں اُنہیں .وہ ایک جھٹکے سے آمنہ بیگم کی گود سے سر اُٹھاتے کھڑی ہوئی پہلے ذیشان غیض و غضب سے ذیشان کو گھر بُلایا پھر حاشر کو بھائی ہونے کے واسطے دے کر گھر آنے کے لئے کہا اس وقت اُسے اپنی بچیوں کا بھی ہوش نہیں تھا..

¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤¤

Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ماما آنی دادا جان کے گھر گئ ہیں مجھے اور حانی کو نہیں لے کر گئیں..

فدیان نے فاطمہ کو ہلاتے ہوئے پوچھا جو سوچوں میں گم بیٹھی تھی حلیمہ بیگم بھی ٹھٹھکی تھیں.

آپ کل گئے تھے ناں..جاؤ حانی کو لان میں لے جاؤں..خوش ہو جائے گی پھول دیکھ کر..فاطمہ نے ٹالتے اُس کی توجہ حانی پر مبذول کر دی..

..فاطمہ بیٹا !!..کوئی پریشانی ہے

فدی کے جانے کے بعد حلیمہ بیگم نے پوچھا.

..نہیں ماما...بس سر میں درد ہے

..تو میڈیسن کھا لو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..کھائی تھی ماما .بے لچک لہجے میں اگاہ کیا گیا

کیا گھر میں کوئی بات ہوئی ہے .. کہیں تمہاری شادی کا ذکر
دوبارہ تو نہیں چھڑ گیا ..وہ مطمعین نہ ہوئیں تھیں اس لئے
قیاس آرائی کرنے لگیں ..فاطمہ چپ چاپ اُن کی گود
میں سر رکھ کر لیٹ گئ اور سب بتاتی چلی گئ وہ حلیمہ بیگم
سے شروع سے ہی اپنی ذات کا ایک ایک ورق ,راز و نیاز شئیر
کرتی ائی تھی اور اُن سے مشورہ لے کر چلتی تھی اب اتنی بڑی بات وہ
..کیسے چھپا سکتی تھی

حانی کو نہیں لے کر آئی ..انا سب سے ملی تو نسیمہ بیگم نے اپنے
..ساتھ بیٹھاتے پوچھا وہ تو نہال ہی ہو گئیں تھیں انا کو دیکھ کر

انا اپی آپ آنے سے پہلے بتاتیں تو میں کھانے میں کچھ اچھا
..بنا لیتی ..صفا نے بے چارگی سے کہا

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

نہیں میں ابھی ناشتا کر کے آئی ہوں .. کھانے کی بھوک ہی نہیں ..

انا کے منہ سے روانگی میں نکل گیا .وہ کہہ کر پچھتائی تھی کیوں کہ ہر طرف سے سوالوں کی بوچھاڑ شروع ہو چکی تھی ..اسد ایک سنگل صوفے پر بے نیاز سا بیٹھا اپنی بیوی کے لئے اُن کے احساسات سے محظوظ ہو رہا تھا

وہ ذیشان کا ویٹ کر رہا تھا اُس نے نکلنے سے پہلے ذیشان کو اگاہ کر دیا تھا اُدھر ذیشان عجلت میں صبا کا فون سن کر نکلا وہ سمجھ رہا تھا انا کے گھر آنے پر صبا بُلا رہی ہے .. لیکن آگے ایک دھماکا اُس کا منتظر تھا..

اپی 'امی !!..آئی ہیں..

صفا کمرے میں آتے خوشی سے بولی لیکن آگے صبا کی سوجی لہو رنگ انکھیں دیکھ کر شاکڈ رہ گئی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

"اپی کیا ہوا..؟؟"

امی اپی..؟؟

صفا بول ہی رہی تھی کہ صبا کو ذیشان نے چونکایا جو انا کو دیکھ کر اتنا گرمجوشی سے بولا کہ اُس کی خوشی کی کھنک کی آواز صبا کو اپنے کانوں تک سُنائی دی ایک سیکنڈ کی بھی دیر کیے بغیر وہ کمرے سے باہر تھی اور بکھری حالت میں ہی زینے اُتر رہی تھی..پیچھے صفا اور آمنہ بیگم آرہیں تھیں..

میں سمجھتی تھی یہ ایک ہی میری سوتن ہے..لیکن نہیں " جانتی تھی دونوں بہنیں ہی میری سوتنیں ہیں.."

وہ تیر کی طرح انا اور ذیشان کو الگ کرتے چیخی..

Don't do this!!...بھابھی

(ڈونٹ ڈو ڈیز)

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

..تم نے کچھ روکا جو میں رکوں

میرے اتنے پیارے بھائی کو تم کھا گئ ..پھر بھی سب نے تمہیں سر آنکھوں پر رکھا ..پیدا ہوئی اپنی ماں کو کھا گئ ..بیٹی پیدا کی تو اپنا شوہر ہی کھا گئ ..اتنی منحوس ہو تم..

..صبا ایک لفظ اور منہ سے نکالا تو میں تمہارا گلا دبا دوں گا

ذیشان صبا کی حرکتیں دیکھ کر دانت پر دانت جمائے بھینچے جبروں سے سخت لہجے میں بولا لیکن صبا کہاں سُننے والی تھی وہ تو آج شیرنی بنی ہوئی تھی ..کتنے سالوں کا غبار نکل رہا تھا..

دبا دیں گلا ..لیکن اج میں بولوں گی ..میرے منہ میں بھی زبان ہے ..وہ بگڑے تیوروں سے چلائی..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

مارنا تو ہے ہی مجھے ..آخر دوسری شادی جو کرنی ہے ..تو میں بھی اپنا دل ہلکا کر کے مروں گی ناں ..استہزایہ انداز میں کھوکھلی ہنسی ہنستے سب کو دیکھتے جتلایا گیا ..دروازے کے پاس کھڑا حاشر ندامت سے نظریں جھکا گیا.

..تم کم تھی کیا تمہاری بہن بھی ان کے دل میں ڈھرکنے لگی

..بھابھی بس کریں

..انا ہاتھ جوڑتے بولی

"تم نے بس کیا تھا ..؟؟"

صبا انا سے استفسار کر رہی تھی کہ ذیشان نے اُس کا رخ اپنی طرف کیا..

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

میں لاسٹ ٹائم کہہ رہا ہوں کمرے میں جاؤ .. سرد لہجے میں حکم دیا گیا ..

کیوں آپ کی بہن کو کچھ کہہ دیا تو آپ کو بُرا لگ گیا..بڑا درد ہوتا ہے آپ کو ..جب کوئی اسے کچھ کہتا ہے ..اووو اب سمجھ آئی آپ کو وہ فاطمہ اتنی اچھی کیوں لگنے لگی وہ آپ کی منہ بولی بہن صاحبہ کا اتنا خیال جو رکھنے لگ گئ ہے آپ کو تو اچھی لگے گی ناں ..جب تک میں رکھتی تھی تب تک میں اچھی تھی اور جب وہ اچھی بیٹی ,اچھی بہو اور اچھی بہن بن گئ تو آپ کو بھی تو اچھی لگے گی ناں ..صبا کے منہ میں جو ا رہا تھا بولے جا رہی تھی سب دم سادھے اُسے سن رہے تھے انا تو ہتک سے زمین میں گرتی جا رہی تھی .اُس نے شکوہ کناں نظروں سے ذیشان کو دیکھا ..اور آگے سے ذیشان نے آمنہ بیگم کو

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

ہاں بُرا لگتا ہے کوئی میری بہن کو کچھ کہہ کر تو دیکھائے ..اب ذیشان بھی صبا کی انکھوں میں آنکھیں گاڑھے بولا.

تمہارا دماغ خراب ہو گیا ہے ...پہلے تھوڑی امید تھی اب بھرم سارا کا سارا تم نے ختم کر دیا ..ہارے ہوئے لہجے میں بتلایا گیا..

کونسا بھرم ...آپ کا اور فاطمہ کے رشتے کا ...وہ پھر سے ڈورے ڈال رہی ہو گی آپ پر ..آپ کی بہن صاحبہ کی خدمتیں کر کے ..صبا نے طنزیہ لہجے میں کہا تو انا تڑپ اُٹھی وہ فاطمہ کی نیت پر انگلی اُٹھا رہی تھی..

بھابھی فاطمہ کو بیچ میں مت..

کیوں نا لاؤں .تم دونوں ہی ملی ہوئی ہو ..تم دونوں ہو ہی ایک جیسی.....صبا انا کی بات کاٹتے چلاتے ہوئے ساری حدیں پار کرتے اُس پر ہاتھ

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

اُٹھانے والی تھی کہ ہوا میں ہی اُس کا ہاتھ ساکت ہو گیا اور اتنی سختی سے پکڑا گیا تھا کہ اُسے اپنا ہاتھ ٹوٹتا ہوا محسوس ہوا..

جاری ہے...

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel

امید ہے آپ کو یہ ناول پسند آیا ہو گا اپنی قیمتی رائے سے ہمیں ضرور آگاہ

کیجئے

فی امان اللہ

اپنا خیال رکھیے اور ہمیں اپنی دعاؤں میں یاد رکھیے اللہ آپ کے لیے بھی خیر و

عافیت کا معاملہ فرمائے

آمین

کریزی فینز آف ناول پبلیشرز

CrAZy FaNs of NoVeL | By Sabahat Khan
Rafaqtin Qurbatin Manzalin| By Pakeeza Tayyab (Compleat Novel)
Do not Copy Witout Permisson of Author or CrAZy FaNs of NoVeL
https://crazyfansofnovel.com/
fb.me/CrazyFansOfNovel